LIBRARY.
Acc. No 1
Class No.
Book No.

Vol. I.
No. 4

Thursday,
5th March, 1953

# HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

## Official Report

CONTENTS

| | PAGE |
|---|---|
| Starred Questions and Answers .. .. .. | 99–106 |
| Unstarred Questions and Answers .. .. .. | 107–110 |
| Business of the House .. .. .. .. | 110–111 |
| Discussion on Motion for presenting Address of Thanks to the Rajpramukh .. .. .. .. .. | 111–171 |

*Price: Eight Annas*

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1953

# HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

THURSDAY THE 5TH MARCH, 1953

*The House met at Two of the Clock*

[Mr. Speaker in the Chair]

## Starred Questions and Answers

*Mr. Speaker :* Let us take up questions. Shri M. Buchiah.

*Expenditure Towards A.I.C.C. Sessions*

*7 (9) *Shri M. Buchiah* (Sirpur) : Will the hon. the Minister for Finance be pleased to state :

(*a*) whether the Government incurred any expenditure towards the A.I.C.C. Session held in January, 1953 ?

(*b*) if so, how much and under what heads ?

*The Minister for Finance and Statistics* (Dr. G. S. Melkote):

(*a*) Yes.

(*b*) The Government of Hyderabad have sanctioned O.S. Rs. 40,000 for incidental expenditure connected with conservancy arrangements in view of the large concourse of people and O.S. Rs. 1,75,000 for the Police bandobast. These amounts were no doubt incidental to the holding of the Congress Session in Hyderabad, but these were the functions which the Government of Hyderabad have to discharge on all such occasions when a large number of people assemble.

*Shri V. D. Deshpande* (Ippaguda) : May I know on what previous occasions such expenses were met by the Government ?

*Dr. G. S. Melkote :* I require, notice, Sir.

*Shri. M. Buchiah :* What is the quantity of the police force supplied to Nanalnagar ?

*Dr. G. S. Melkote :* Hon. the Minister for Home will be able to reply this question.

*Shri V. D. Deshpande :* What are the details of expenditure for the forty thousand rupees ?

*Dr. G. S. Melkote :* It was a grant given to the Municipalities and they spent the money on conservation arrangements.

*Shri M. Buchiah :* Is it not a fact that the Education Department supplied some furniture ?

*Dr. G. S. Melkote :* It is possible; I am not aware of it.

شری سی۔ ایچ۔ وینکٹ راما راؤ (کرم نگر) ۔ بی۔ ڈبلیو۔ ڈی الکٹرسٹی ڈپارٹمنٹ کی طرف سے کیا کوئی گرانٹس منظور نہیں کی گئی تھی ؟

*Dr. G. S. Melkote :* I am not aware of it.

*T. A. To Ministers*

*8 (56) *Shri Ch. Venkatram Rao :* Will the hon. Minister for Finance be pleased to state :

(*a*) the total amount of T. A. paid to the Ministers during 1952 ?

(*b*) the total amount of T. A. paid to the Gazetted Officers of the State during 1952 ?

*Dr. G. S. Melkote :* (*a*) The total T. A. charges drawn by the Ministers during 1952 were as follows :—

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1. | Chief Minister .. .. | O.S. Rs.<br>I.G. Rs. | 5,950- 7-10<br>1,871-13- 8 |
| 2. | Minister, Excise, Customs & Forests .. | O.S. Rs.<br>I.G. Rs. | 1,977- 9- 0<br>669-13- 6 |
| 3. | Minister, Supply & Agriculture | O.S. Rs. | 7,123-12- 5 |
| 4. | Minister, Health & Education | O.S. Rs. | 3,524- 3- 0 |
| 5. | Minister, C. & I. .. .. | O.S. Rs. | 998-12- 0 |
| 6. | Minister, Labour & Rehabilitation. | O.S. Rs. | 2,565- 8- 0 |
| 7. | Minister, Finance .. .. | I.G. Rs. | 3,185-10- 0 |
| 8. | Minister, Home .. .. | O.S. Rs.<br>I.G. Rs. | 921-11- 0<br>1,916-11- 0 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 9. | Minister, Rural Reconstruction | O.S. Rs. | 4,085- 0-10 |
| 10. | Minister, Local Government .. | O.S. Rs. | 5,040- 4- 0 |
| 11. | Minister, Law .. .. | O.S. Rs.<br>I.G. Rs. | 1,711- 3- 0<br>211- 0- 0 |
| 12. | Minister, P.W.D. .. .. | O.S. Rs. | 2,679- 9- 6 |
| 13. | Minister, Social Service .. | O.S. Rs.<br>I.G. Rs. | 3,822-14- 0<br>727- 7- 0 |

(*b*) The T. A. charges of Non-gazetted officers & Gazetted officers are booked under one head. As such it is not possible to show the expenditure on Gazetted Officers separately.

شری وی۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ هر ایک منسٹر کو ٹی ۔ اے ۔ کتنا منظور تھا اور انہوں نے اس میں سے کتنا کم یا زیادہ خرچ کیا ؟

*Dr. G. S. Melkote :* Except the Chief Minister, who, I think, was allowed about 11 or 12 thousand rupees, the other Ministers are allowed 9 thousand rupees. Hon. Members may see from the figures just now read out that everyone of the Ministers has tried to save.

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے۔ یه ٹی ۔ اے انہوں نے کتنے بریڈ ( Period ) میں خرچ کیا ؟

*Dr. G. S. Melkote :* This expenditure is for about eleven months.

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ کیا یه صحیح هے که چند منسٹروں کا ٹی ۔ اے ۔ پہلے پانچ سات مہینے میں هی خرچ هوگیا ؟

*Dr. G. S. Melkote :* We felt that it was possibly spent, but it is not a fact.

شری کے ۔ وینکٹ راما راؤ ۔ ٹی ۔ اے ۔ جو دیا گیا هے وہ آئی ۔ جی ۔ اور او ۔ یس ۔ ان دونوں کرنسیوں میں دیا گیا اس کی کیا وجه هے ؟

*Dr. G. S. Melkote :* Expenses of tours to Bombay, Delhi, etc., are always given in I. G. and expenses incurred in local tours are given in O.S.

شری ایم ۔ بچیا ۔ کیا اس کے علاوہ ان کے نام پر اور کوئی اڈوانس بھی هیں ؟

*Dr. G. S. Melkote:* No. This is all the amount spent towards T. A.

### *Hutti Gold Mines*

*9 (57) *Shri Ch. Venkatram Rao:* Will the hon. the Minister for Finance be pleased to state:

(*a*) whether there is any contract between the Hutti Gold Mines Company and their Management?

(*b*) the terms of the contract, if any?

*Dr. G. S. Melkote:* Mr. Speaker, Sir, this is a matter concerning a joint stock company and not a part of the Government. As such I am not in a position to furnish the required information.

### *Repairs to Breached Tanks*

*10 (10) *Shri M. Buchiah:* Will the hon. Minister for Public Works be pleased to state:

(*a*) the number of breached tanks for which the amounts for repairs have been sanctioned during the years 1950-53?

(*b*) the cases where the work on repairs has not started?

(*c*) the cause for delay?

پی - ڈبلیو - اینڈ پبلک هلتھ منسٹر ( شری مہدی نواز جنگ ) - پہلا سوال یہ ہے کہ ۱۹۵۰ع سے ۱۹۵۳ع تک شکست تالابوں کے لئے کتنی رقم منظور کی گئی تھی ؟ جواب یہ ہے کہ سنہ ۱۹۵۰ع سے فبروری سنہ ۱۹۵۳ع تک ۲ هزار چار سو اٹھائیس تالابوں کی مرمت کی منظوری دیگئی -

دوسرا سوال یہ ہے کہ ایسے تالاب جہاں پر کام شروع نہیں کیا گیا ان کی تعداد کیا ہے ؟ جواب یہ ہے کہ ۱۹۰۳ شکست تالابوں کے مرمت کی منظوری ہوئی تھی جو تکمیل تک پہونچ چکی ہے - خاص پروگرام کے تحت محبوب نگر ضلع میں ۵۲۵ تالابوں میں مرمت ہوئی ہے - جن ۱۹۰۳ تالابوں کو هاتھ میں لیا گیا تھا ان سب کا کام ہوچکا ہے - اور چند تالاب ایسے ہیں جن کا کام پورا نہیں ہوسکا - اس کی وجہ یہ ہے کہ گتہ داروں نے نرخ میں اضافہ مانگا ہے اور کہیں پر یہ بھی ہوا ہے کہ ان کے ڈزائنس وغیرہ میں بھی تبدیلی کرنی پڑی ہے - یہ صورت حال ہے - چند تالاب ایسے ہیں جن کا کام مزید تصفیہ کی وجہ سے هاتھ میں نہیں لیا جاسکا -

شری اننت ریڈی - گتہ دار جو ریٹ ( Rate ) طلب کررہے ہیں اس میں اور گورنمنٹ کے ریٹ میں کیا فرق ہے ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - مجھے وہ معلوم نہیں - مجھے اس بارے میں دریافت کرنا پڑیگا -

**شری ایم - بچیا** - آپ نے بتایا کہ کچھ جگہوں پر جتنا ریٹ ہونا چاہئے تھا اس سے زیادہ ریٹ مانگنے جانیکی وجہ سے کام نہیں کیا جاسکا - مقامی لوگ یا پنچائتوں کی طرف سے اگر گورنمنٹ کے ریٹ پر ٹھیکہ مانگا گیا تو کیا حکومت ٹھیکہ دینے کے لئے تیار ہے ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - خوشی کے ساتھ - پنچایت گاؤں والوں یا دیہات کے لوگوں کی طرف سے اگر ٹھیکہ مانگا جائے تو حکومت دینے کے لئے تیار ہے -

**شری ایم - بچیا** - عادل آباد ضلع سے اس قسم کی درخواستیں پیش کی گئیں تھیں - کیا آپ کو اس کے بارے میں معلومات ہیں ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - مجھے معلوم نہیں ہے -

**شری ایم - بچیا** - کیا آپ اس بارے میں جانکاری حاصل کریں گے ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - ہاں ضرور حاصل کرونگا -

**شری نارائن راؤ نرسنگ راؤ** - مرمت شدہ تالابوں میں ناندیڑ ضلع میں کتنے تالاب ہیں ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - ناندیڑ میں ۱۶ تالاب ہیں -

### *Repairs to Purana Pool*

*11 (51) *Shrimati S. Laxmi Bai* (Banswada): Will the hon: Minister for Public Works be pleased to state:

The reasons for not repairing the Purana Pool (Old Bridge) so far in spite of the great inconvenience caused to vehicular traffic since long ?

**شری مہدی نواز جنگ** - یہ پل بہت پرانا ہوگیا تھا یہ بات صحیح ہے - اس پل کی ابھی تک مرمت نہیں ہوئی ہے - یہ بھی بات صحیح ہے کہ یہ کام تو بلدیہ کا ہے - یہ کام تعمیرات کا نہیں ہے - لیکن جب یہ دیکھا گیا کہ کارپوریشن اسکو پورا کرنیکے قابل نہیں ہے تو گورنمنٹ نے اس بات پر غور کیا کہ اسکو تعمیرات کی طرف سے شروع کیا جائے - لیکن اس میں سوال یہ ہے کہ اسکے لئے خاص مشنری کی ضرورت ہے اور وہ مشنری بمبئی میں صرف ایک کمپنی کے پاس ہے اور اسکی قیمت بھی زیادہ ہے - یہاں بھی ایک کمپنی نے اپنے ٹرمس دئے ہیں - جس کمپنی کے ٹرمس کم ہونگے اسکو گورنمنٹ ٹھیکہ دیگی - اسکی مرمت کیلئے جو خرچ ہوگا اسکا اندازہ ۵ لاکھ روپیے کا ہے - اسلئے اب سوال یہ ہے کہ نیا پل بنایا جائے یا پرانے ہی کو درست کیا جائے - نئے پل کیلئے ۱۲ لاکھ روپیے لگینگے - اسکے بارے میں کارروائی چل رہی ہے -

شریمتی لکشمی بائی - یہ کارروائی کب تک ختم ہوگی ؟

شری مہدی نواز جنگ - یہ کہنا مشکل ہے - دوچار مہینے میں طے ہونیکی امید ہے -

شریمتی لکشمی بائی - کیا آپ بتلاسکتے ہیں کہ پل نہ بننے سے لوگوں کو کتنی تکلیف ہوتی ہے ؟

شری مہدی نواز جنگ - بات یہ ہے کہ پل پر زیادہ ٹرافک نہیں ہے اور جو بھی ٹرافک ہے وہ سائیکل بیل گاڑی وغیرہ کی ہے - اس پر موٹر کی زیادہ ٹرافک نہیں ہے -

## *Growth of Weeds in Musi River*

*12 (52) *Shrimati S. Laxmi Bai* : Will the hon. the Minister for Public Works be pleased to state :

(*a*) whether the Government are aware that unchecked growth of weeds in the Musi River bed in the Hyderabad City is a positive danger to the health of the residents in the vicinity ?

(*b*) if so, what action do the Government intend taking in the matter ?

شری مہدی نواز جنگ - موسی ندی میں بیل پھیلنے کا جو معاملہ ہے وہ ایک بلا ہی ہے - ہیلتھ ڈپارٹمنٹ اسکی طرف توجہ دے رہا ہے کہ اسکو جلد صاف کیا جائے - یہ ایک ایسی بلا ہے جو رکنے نہیں پاتی -

شریمتی یس - لکشمی بائی - لوگوں کو اس سے کتنی تکلیف ہوتی ہے - کیا گورنمنٹ یہ نہیں چاہتی کہ اس کے پاس رہنے والے سکھ سے رہیں ؟

مسٹر اسپیکر - جواب تو دیا گیا ہے کہ گورنمنٹ محسوس کرتی ہے کہ لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے -

شریمتی یس - لکشمی بائی - لیکن اگر یہی کام پہلے کیا جاتا تو ۱۰۰ یا ۲۰۰ روپیے میں ہوجاتا - لیکن اب اسکو صاف کرنے میں بہت زیادہ روپیہ لگیگا - دوسری بات یہ ہے کہ اب اس میں پانی کا بوند بھی نہیں ہے اور گندگی بڑھتے چلی جارہی ہے -

## *Employment at Nanalnagar*

*13(55) *Shri Ch. Venkatram Rao* : Will the hon. the Minister for Public Works be pleased to state :

(*a*) whether the P. W. D. gang workers were employed at Nanalnagar township temporarily constructed near

Golconda to work day and night, during December, 1952 and January, 1953 ?

(*b*) the justification for such employment ?

(*c*) whether there was any agreement between the Congress Party and the Department concerned in regard to remuneration to these workers ?

**شری مہدی نواز جنگ** - نانل نگر کے کام پر پی - ڈبلیو - ڈی گیانگ کے مزدوروں کو نہیں رکھا گیا تھا - لیکن وہاں کے گیانگ میں جو کام کرنے والے تھے انکو وہاں کی سڑکوں کی مرمت کیلئے رکھا گیا تھا - اور سڑکوں کو ٹھیک رکھنے کیلئے ایسا کرنا ضروری بھی تھا - کانگریس پارٹی اور پی - ڈبلیو - ڈی کے درمیان کوئی سمجھوتہ معاوضہ کے متعلق نہیں ہوا تھا -

**شری سی - ایچ - وینکٹ رام راؤ** - نانل نگر میں جو مزدور سڑکوں پر کام کررہے تھے انکو اندر کام کرنیکے لئے بھیجا گیا تھا - کیا یہ صحیح نہیں ہے ؟ اور اسکے بارے میں کیا کوئی میمورنڈم بھیجا گیا تھا ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - ایسا نہیں ہوا ہے -

**شری سی - ایچ - وینکٹ رام راؤ** - کنٹا سکشن افسر کے پاس اسکے بارے میں ایک درخواست دیگئی تھی اور جس دن یہ درخواست دیگئی اسی دن کیا ۱۸ گیانگ ورکرس کو ۴ دن کی غیر حاضری میں نہیں ڈالا گیا ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - میں اس سے واقف نہیں ہوں - اسکے بارے میں دریافت کرونگا -

**شری وی - ڈی - ڈیشپانڈے** - کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ کانگریس سشن کے دوران میں پی - ڈبلیو - ڈی کے افسروں کو فلاں فلاں کام ہے وہ کیا جائے اسطرح کے احکام دئے گئے تھے ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - پی - ڈبلیو - ڈی محکمہ کی اجازت سے ٹاؤن پلاننگ کے کام میں اسٹاف نے حصہ لیا ہے -

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** - اسطرح کا پرائیویٹ کام کرنیکے لئے اسٹاف کو اجازت کیسے دیگئی ؟

**شری مہدی نواز جنگ** - یہ کام اس قدر عظیم الشان تھا اور اتنے بڑے پیمانے پر ہورہا تھا کہ اگر انجنیر اس میں مدد نہ کرتے تو یہ افسوس کی بات ہوتی -

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** - کیا آپ اس کو سرکاری پیسہ سرکاری آفیسرس اور سرکاری انرجی ( Energy ) کا غلط استعمال نہیں سمجھتے ؟

شری مہدی نو از جنگ - یہ کام کسی پولیٹیکل پارٹی کو پیش نظر رکھتے ہوئے نہیں کیا گیا بلکہ یہ دیکھتے ہوئے کہ سرکاری کام کو متاثر کئے بغیر ایک بڑا کام انجام دیا جاسکتا ہے اس کام کی انجام دہی میں کوئی قباحت محسوس نہیں کیگئی - اور میں اسکا یقین دلاتا ہوں کہ اگر ایسا ہی کوئی بہت بڑا کام کمیونسٹ پارٹی کی جانب سے انجام پائے تو اس میں بھی ضرور مدد کی جائیگی -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا آنریبل منسٹر حکومت کی طرف سے جاری کئے ہوئے اس سرکولر ( Circular ) کو واپس لے لینگے جس میں سرکاری ملازمین کو یہ ہدایت کیگئی ہے کہ وہ پولٹیکل پارٹیز کے کاموں میں حصہ نہیں لے سکتے ؟

شری مہدی نو از جنگ - اس سرکیولر کا منشا جہاں تک میں سمجھتا ہوں یہ ہے کہ سرکاری ملازمین سیاسی مسائل اور سیاسی مباحث میں حصہ لیں یا پولیٹکل پارٹیز کی طرفداری کریں یا ان کی کوئی ذمہ داری قبول کریں تو یہ قابل اعتراض بات ہے - چنانچہ خود میرے دفتر کے کسی عہدہ دار نے کانگریس سشن میں شرکت نہیں کی - جب یہ سوال پیدا ہوا تو انہیں روکا گیا کیونکہ اس کی اجازت نہیں ہے صرف ایک عہدہ دار نے اپنے فن سے فائدہ پہنچایا ہے اور سوشیل سرویس کے طور پر یہ کام کیا گیا اور اسے ملحوظ رکھا گیا کہ گورنمنٹ کا کام کسی طرح متاثر نہو -

شری گنپت راؤ واگھمارے - کیا گیانگ من سے سڑکوں کے کنارے جھاڑ لگانے کا کام بھی لیا جاتا ہے ؟

شری مہدی نو از جنگ - کام کرنے کیلئے کوئی رکاوٹ نہیں ہے - جو بھی کام ہو اسے کرنا چاہئے -

شری گنپت راؤ واگھمارے - کیا اسکی وجہ سے گیانگ من پر بار نہیں پڑا ؟

شری مہدی نو از جنگ - یہ خیال غلط ہے -

شری جی - ہنمنت راؤ - اسطرح گیانگ من سے جو کام اوورٹائم ( Overtime ) لیا گیا کیا اسکے لئے انہیں کوئی معاوضہ دیا گیا ؟

شری مہدی نو از جنگ - اگر اوورٹائم کام لیا گیا ہے تو اسکے ویجس ( Wages ) بھی دئے گئے ہونگے - اسلئے کہ جہاں تک میں سمجھتا ہوں گیانگ کے مزدور کوئی زیادہ کام بلامعاوضہ قبول کرنے کیلئے تیار نہیں ہونگے -

شری جی - ہنمنت راؤ - میں نے خود دیکھا ہے کہ ان سے اوورٹائم کام لیا گیا ہے -

مسٹر اسپیکر - خیر انہوں نے کہدیا ہے -

The Member will give notice and the Minister will make enquiries.

## Unstarred Questions and Answers

*Receipts of Revenue and Expenditure*

2 (8) *Shri G. Hanumanth Rao* (Mulug) : Will the hon. the Minister for Finance be pleased to state :

The Taluq-wise total receipts of revenue and expenditure in the State ?

*Dr. G. S. Melkote* : As the information required is not readily available in the Finance Department, it has been called from the districts and will be placed before the House in due course.

*Income and Expenditure*

3 (9) *Shri G. Hanumanth Rao* : Will the hon. Minister for Finance be pleased to state :

The Taluq-wise income and expenditure on the following heads.

1. Land Revenue
2. Excise
3. Forests.

*Dr. G. S. Melkote* : As the information required is not readily available in the Finance Department, it has been called from the districts and will be placed before the House in due course :

4 (10) *Shri G. Hanumanth Rao* : Will the hon. Minister for Finance be pleased to state :

The district-wise income and expenditure on the following heads :

1. Land Revenue 2. Excise 3. Forest 4. Irrigation 5. Police 6. Education 7. Income-Tax 8. Sales Tax 9. Other Taxes & Duties 10. Stamps 11. Registration 12. Motor Vehicles 13. Interests 14. Justice 15. Jails 16. Medical 17. Public Health and Veterinary 18. Co-operation 19. Industries 20. Civil Works 21. Electricity 22. Famine relief 23. General Administration 24. Miscellaneous heads.

*Dr. G. S. Melkote*: As the information required is not readily available in the Finance Department, it has been called from the districts and will be placed before the House in due course.

*Schools*

5 (6) *Shri G. Hanumanth Rao*: Will the hon. Minister for Public Health, Medical and Education be pleased to state:

(*a*) the number of Primary, Middle and High Schools in each taluq ?

(*b*) the number of boys and girls respectively attending each of the variety of schools in each taluq during the years 1949-50, 1950-51 and 1951-52 ?

(*c*) the number of teachers employed (1) full time (2) part time in each taluq ?

(*d*) annual expenditure on these schools in each taluq ?

(*e*) the number of aided schools in each taluq and the grant-in-aid given to each of them ?

(*f*) the number of Intermediate and Degree Colleges in each district of the State ?

(*g*) the number of boys and girls respectively studying in each of such Colleges during the years 1949-50, 1950-51 and 1951-52 ?

*Shri Devisingh Chauhan*: (*a*) to (*e*)–The information has been called for and it will take some time to collect it. It will be laid on the table as soon as it has been collected.

(*f*) & (*g*): Information relating to Colleges is given in the statement annexed for the year 1952-53. Information for the previous years is being collected and will be laid on the table as soon as it has been received.

[*Statement*.

*Statement showing the Number of Students, Scholars and Expenditure of the Colleges of the Osmania University.*

| District | No. of Students | | | No. of Teachers | | | Expenditure for the year 1952-53 | No. of Colleges Intermediate | | Degree |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | Men | Women | Total | Full time | Part time | Total | | Govt | Private | |
| 1. Hyderabad City (Constituent) .. .. | 8396 | 1200 | 9,596 | 512 | 73 | 585 | 54,44,282 | 4 | .. | 4 (Govt.) |
| 2. Hyderabad City (Affiliated) .. . | 272 | . | 272 | 24 | . | 24 | . | .. | 2 | |
| 3. Aurangabad (Constituent) .. .. | 238 | 3 | 241 | 18 | . | 18 | 1,60,591 | 1 | . | . |
| 4. Aurangabad (Affiliated) .. . | 263 | 16 | 279 | 19 | . | 19 | .. | . | 1 | |
| 5. Gulbarga (Constituent) .. .. | 291 | 5 | 296 | 17 | .. | 17 | 1,63,200 | 1 | . | .. |
| 6. Warangal (Constituent) .. .. . | 375 | . | 375 | 21 | . | 21 | 1,53,002 | 1 | .. | |
| 7. Nanded (Affiliated) .. .. . | 160 | .. | 160 | 11 | . | 11 | . | .. | 1 | . |
| TOTAL .. | 9,995 | 1,224 | 11,219 | 622 | 73 | 695 | 59,21,075 | 7 | 4 | 4 |

6 (7) *Shri G. Hanumanth Rao* : Will the hon. Minister for Public Health, Medical and Education be pleased to state :

(*a*) whether the Government have appointed any Committee to conduct research and write books in regional languages and on technical subjects, and,

(*b*) if so, the names of the members of the Committee?

(*c*) the number of books published by the Committee including their titles ?

(*d*) if otherwise, the reasons for not appointing such Committees ?

*Shri Devi Singh Chauhan* : (*a*) The answer is in the negative.

(*b*) The question does not arise.

(*c*) Does not arise.

(*d*) The Government has not so far considered it necessary to do so.

## Business of the House

*Mr. Speaker* : I want to bring one fact to the notice of the House. My office has received a letter to-day from the Secretary, Railway Local Advisory Committee, Secunderabad, stating that the vacancy caused by Mr. Lakshminivas Ganerival's election to Hyderabad Legislative Assembly having been declared void, need not be filled in for the time being.

اس لیٹر کے ذریعہ یہ لکھا گیا ہے کہ اس مخلوعہ جائداد کو نہ بھرا جائے۔ یہ لیٹر چونکہ پہلے وصول نہیں ہوا تھا اسلئے نامنیشن پیپرس ( Nomination Papers ) مانگے گئے تھے ۔ اب یہ لیٹر آیا ہے اسلئے نامنیشن پیپرس کی ضرورت باقی نہیں رہتی ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ اڈوائیزری بورڈس ( Advisory Boards ) پر جو لوگ لئے جاتے ہیں وہ اسٹیاٹیوٹری رولس ( Statutory Rules ) کے تحت منتخب ہوتے ہیں ۔ مگر رولس میں کیا ایسا کوئی پراویژن ( Provision ) ہے کہ اگر کوئی ویکنسی ( Vacancy ) نکلے تو اسے فل اپ ( Fill up ) نہ کرنیکا انہیں ادھیکار ( अधिकार ) ہے ؟ اسکا لیگل پوزیشن ( Legal Position ) کلیر ( Clear ) کیا جانا تو بہتر ہوتا ۔

*Mr. Speaker* : The next item is : 'Presentation of the Report of the Committee on Petitions.'

*Shri Pampangowda* (Manvi) : I, the Chairman of the Committee on Petitions beg to present this Report to the House.

(The Report was laid on the table of the House)

*Mr. Speaker* : The Report reads thus :

*Petition No.* 1.

The subject matter is 'the withdrawal of food subsidies by the Central Government to various States thereby causing a rise in the level of food prices.'

This petition is signed by nine persons and is in conformity with the Rules.

The Committee decided that a summary of this petition may be circulated among all the members.

*Petition No.* 2.

The subject matter is 'granting of Patta of 117 acres of land, which were given on lease to the Harijans of Gaganpahad village, Hyderabad West taluq, Hyderabad district to Shri Madhusudan Rao, nephew of the Chief Minister.'

This petition is signed by 29 persons and is in conformity with the Rules.

The Committee decided that this petition may be circulated among all the members.

اس بارے میں رول (۲ ا ۲) ہے - جسطرح کہ رپورٹ میں لکھا گیا ہے - ایسے سرکولیٹ کروایا جائیگا -

## Discussion on the Motion, for presenting the Address of Thanks to the Rajpramukh

*Mr. Speaker* : The next item is : Discussion on the motion moved by Shri Sripadrao Nevasekar on 2nd March, 1953.

Now the point is there are about 29 amendments to be moved. I would like to know whether the House wants to

have first general discussion on the Motion or after moving the amendments. The Rules are not quite clear on the point.

Rule 13 reads as follows :

'After the Rajpramukh has delivered the address, a motion may be made by any member of the Assembly that an address be presented to the Rajpramukh expressing thanks of the Assembly for his address.'

Rule 14 :

(1) The motion shall be taken into consideration on a subsequent day or days to be appointed by the Speaker for the purpose and the Assembly may then discuss generally the matters referred to in the address.

(2) Amendments may be moved to the motion by way of additions at the end of the motion for raising questions of public policy."

اس میں یہ نہیں ہے کہ (The amendments may then be moved.) کیا ہاؤس یہ مناسب سمجھتا ہے کہ پہلے امنڈمنٹ موو ہوجائیں اور موشن اور امنڈمنٹس دونوں پر ایک ساتھ ڈسکشن ہو ؟ ورنہ یہ ہوگا کہ اگر موشن پر ہی زیادہ وقت لے لیا جائے تو جو امنڈمنٹس پیش ہوئے ہیں ان کے لئے وقت نہیں رہیگا .. ہمارے پاس ۲۹ امنڈمنٹس ہیں - اگر ہر امنڈمنٹ کیلئے دو دو یا ایک ایک ہی منٹ بڑھنے کیلئے رکھا جائے تو کم از کم تقریباً ایک گھنٹہ لگ جائیگا - اور ظاہر ہے کہ یہ وقت ہمیں کسی نہ کسی موقع پر نکالنا ہی ہوگا - اس سے پہلے یہ ہوا تھا کہ جنرل ڈسکشن پہلے رکھا گیا تھا اور اس کے بعد امنڈمنٹس کیلئے وقت رکھا گیا تھا - لیکن اس وقت یہ ہوا تھا کہ امنڈمنٹس پیش نہیں ہوئے تھے - اگر اس وقت بھی چند امنڈمنٹس پیش نہ ہوں تو یہ وقت کافی ہوسکتا ہے لیکن سب ہی امنڈمنٹس موو ( Move ) ہونے والے ہیں -

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** - میرا خیال ہے کہ جنرل ڈسکشن کے بعد ممکن ہے کچھ امنڈمنٹس نہ لئے جائیں -

*Mr. Speaker* : Let us hope so.

تو پھر جنرل ڈسکشن ہوگا - جنرل ڈسکشن کیلئے وقت کا بھی تعین ہو تو مناسب ہے - میں سمجھتا ہوں ہر ممبر کو زیادہ سے زیادہ ۱۰ تا ۱۵ منٹ لینا چاہئے - ہوتا یہ ہے کہ ایک دو ممبرس ہی بہت زیادہ وقت لے لیتے ہیں - اور بقیہ ممبرس کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ انہیں کافی وقت نہیں دیا گیا - بہر حال میں سمجھتا ہوں کہ ساڑھے چار تک

هم جنرل ڈسکشن ختم کرلینگے اسکے بعد امنڈمنٹس موو کئے جائینگے - اور پھر ان پر ڈسکشن هوگا -

**شری وی - ڈی - دیشپانڈے** - مسٹر اسپیکر سر - اس هاؤس کے سامنے پہلی مرتبہ
جب حکومت کی پالیسی راج پرمکھ کے اڈریس ( Address ) کی صورت میں آئی تھی
تو اسوقت میں نے اپنے خیالات ظاهر کرتے هوئے یہ کہا تھا کہ میں هاؤس میں ایک
ان ریل اٹما سفیر ( Unreal atmosphere ) پاتا هوں - اڈریس میں یہ کہا
گیا تھا کہ ایک انقلاب کے بعد یہ منتخبہ اسمبلی یہاں جمع هوئی هے لیکن پالیسی اسٹیٹمنٹ
سے یہ بات ظاهر نہیں هوتی - اور جب میں یہ پالیسی اسٹیٹمنٹ پڑھتا هوں تو مجھے
ایسا معلوم هوتا هے کہ آج کی حکومت کی پارٹی اس اسٹیٹمنٹ سے بھی بہت زیادہ دور گئی
هے - جب اسمبلی میں حکومت اپنے پالیسی اسٹیٹمنٹ کا اظہار کرتی هے تو اس میں اپنے معاشی اور
سیاسی پروگرام کو هاؤس کے سامنے رکھتی هے - لیکن میں نے اس اڈریس کو پڑھنے کے
بعد یہ محسوس کیا هے کہ موجودہ حکمران پارٹی کے پاس کوئی سیاسی پروگرام باقی هی نہیں
رها هے - هم جانتے هیں کہ گذشتہ زمانہ میں اهم واقعات هوئے هیں - پٹی سری راملو
کے دیہانت ( ) کے بعد همارے هی بازو میں ایک آندهرا ریاست قائم هونے
والی هے .. اور حیدرآباد میں بھی تمام لوگ یہ چاهتے هیں کہ لسانی بنیادوں پر صوبے
هونا چاهئے - اتنا هی نہیں بلکہ حال هی میں کانگریس کے سالانہ اجلاس میں رسپشن
کمیٹی ( Reception Committee ) نے یہ کہا هے کہ

....."As Hyderabad State is constituted of three linguistic areas its future is linked up with the impending linguistic provinces and it assumes national significance. The artificial barriers will have to disappear some day or other and the Congress will have to solve this problem also though we, the people of Hyderabad, should have a say in this matter ........."

اس طرح انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار کیا هے اور ساتھ هی ساتھ آندهرا اسٹیٹ کے بارے میں
بھی یہ کہا هے کہ

....."We on this side of the country have hailed the announcement of the Prime Minister in this connection as a step in the direction which would go to satisfy a formidable section of the people in this country......"

اس طرح عوام یہ چاهتے هیں کہ جلد سے جلد جس طرح آندهرا اسٹیٹ
قائم هونے والا هے اسی طرح وشال آندهرا ( विशाल आन्द्र ) سینکت مہاراشٹرا
( संयुक्त महाराष्ट्र ) اور سینکت کرناٹک ( संयुक्त कनटिक ) بھی
قائم هونا چاهئے - لیکن حکومت کی طرف سے جو پالیسی اسٹیٹمنٹ آیا هے اس میں حکومت
اس کا ذکر تک کرنا نہیں چاهتی - کیا اس سے هم یہ نتیجہ نہیں نکال سکتے کہ اس کا
انٹرنل کرائیسس ( Internal crisis ) اتنا بڑھ گیا هے کہ وہ عوام کے

سب سے بڑے سوال کا ذکر تک کرنا نہیں چاہتی - یہی نہیں بلکہ یہ بھی ہونے والا ہے کہ
حیدرآباد کے تلگو اسپیکنگ ایریا ( Telugu speaking area ) کو
آندھرا اسٹیٹ میں ملا لیا جائے تا کہ وشال آندھرا اور سنیکت مہاراشٹرا پیدا ہو سکیں
لیکن آج کی حکومت اس کے خلاف سرکیولر نکالتی ہے تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ
ایسا کوئی سیاسی پہلو خطبہ میں ہی نہ رہے اور نہ میں اس کو خطبہ میں پاتا ہوں ۔
اس کے بعد دوسری اہم چیز جس کے متعلق عوام رات دن سوچتے ہیں وہ راج پرمکھ کے
ادارہ سے متعلق ہے - جس طرح لنگوسٹک پراونسس کے بارے میں کہا گیا اسی طرح آج
کانگریس ورکنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ

"......We feel that the rulers of the States who had waged wars against the people should not continue any longer as the Rajpramukhs. This institution of the Rajpramukhs is a misnomer in a democratic age. Whatever be the justification for creating this institution in a set of circumstances existing then, when a democratic regime has come into existence on the basis of adult franchise, the continuance of this pattern is rather unwholesome........ Speaking on behalf of ten crores of the people of erstwhile Indian States, I wish to say that the institution of the Rajpramukhs should be done away with at the earliest and in its stead, the institution of the Governor, drawn from those known for their service in the cause of the nation, should come into vogue........"

اس طرح خیالات کا اظہار کیا جاتا ہے لیکن ہاؤس میں جب ایسے تمام اہم سوالات آتے ہیں
تو یہ محسوس نہیں کیا جاتا کہ عوام کے اس سلسلہ میں کیا خیالات ہیں اور یہ خیال نہیں کیا
جاتا کہ ان کے صدر کے خیالات کی ترجمانی کی جائے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس خطبہ کے آخر
میں جو ذکر ہے وہ اسطرح کا ہے ۔

"......My Government is doing its best to stimulate and accelerate the economic regeneration of the State....."

یعنی اس میں صرف اکنامک ریجنریشن ( Economic regeneration ) کے سوا
اور کوئی بات ہی نہیں ہو سکتی - کیا اس کے سوا عوام کی کوئی مانگ ہی نہیں ہے لیکن آج کی
حکومت ان مسائل کو محسوس ہی نہیں کر رہی ہے - میں اس اڈریس میں اس قسم کی کمی پاتا ہوں۔

اگر آج کی حکومت یہ سمجھتی ہے کہ وہ عوام کی ترجمانی کر رہی ہے تو میں یہ
پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیوں اس خطبہ میں اسکا ذکر نہیں ہے اور کیوں حکومت ایسے اہم
سوالات کو نظر انداز کر رہی ہے ؟ جب اس اہم سوال کے سلسلہ میں میں نے کانگریسی
ایم ایل ایز سے بات چیت کی تو انہوں نے کہا کہ اگر ایسے پراونسس بنائے جائیں تو
پنچ سالہ منصوبہ پورا نہ ہوگا - لیکن میرا یہ خیال ہے کہ سدرن انڈیا (Southern India)
کا ری انٹیگریشن ( Re-integration ) ہونا چاہئے کیونکہ

وهاں مختلف زبان بولنے والے هیں اور جس علاقه میں جو زبان زیاده بولی جاتی هے اسکے اعتبار سے صوبے بنائے جائیں تو پنچ ساله منصوبه پر بهی اچهی طرح عمل هوگا - جن علاقوں کے متعلق یه سوچا جارها هے که وهاں پنج ساله منصوبه پر عمل نہیں هورها اسکی وجه یہی هے که وهاں زبان کے لحاظ سے نا انصافی کی گئی هے - مثال کے طور پر حیدر آباد هی کو لیجئے جسکا هاؤس میں کئی مرتبه ذکر کیا جاچکا هے که تلنگانه میں جتنے پراجکٹس اور اسکیمات لائی گئی اور اس پر جتنا پیسه خرچ کیا گیا هے یہاں جتنے اسکول کهولے گئے هیں اور فلاح و بہبود کے کام کئے گئے هیں اتنے اسکیمات کرناٹک اور مرهٹواڑه کے علاقوں میں نہیں لائے گئے - یہی حال مدراس کا هے - آندهرا کی بہبودی کے کام نہیں کئے گئے - اور یہی وه حالات هیں جسکی وجه سے پنج ساله منصوبه عمل میں نہیں آسکا هے کیونکه اسٹیٹ کے وه حصے جن پر کافی خرچه نہیں هورها هے وه انتهوزیاسٹیکلی (Enthusiastically) اس میں حصه نہیں لے رهے هیں - اس وجه سے بهی یه ضروری هے که لسانی لحاظ سے صوبه بنائے جائیں لیکن جو وسٹڈ انٹرسٹس ( Vested interests ) هیں وه نہیں چاهتے که لسانی صوبے بنائے جائیں - میں ادباً یه عرض کرونگا که لسانی صوبوں کی تشکیل سے فڈرل اسٹرکچر ( Federal structure ) پر کوئی اثر نہیں پڑیگا بلکه اس سے یه هوگا که ایک علاقه میں جو زبان زیاده سے زیاده بولی جاتی هے وهاں کے رهنے والوں کو پهولنے پهلنے کا موقع ملیگا - میں یه بهی عرض کرنا چاهونگا که اگر هم حقیقت میں عوام کی حکومت لانا چاهتے هیں تو عوام کو حکومت کے کاروبار میں حصه لینے کا بهی موقع ملنا چاهئے اور جب تک راج کے کاروبار خود عوام نہیں چلاتے حکومت عوامی نہیں کہلائی جاسکتی - اس هاؤس میں هم جیسے صرف چند هی آنریبل ممبرس هونگے جو اردو اور انگریزی جانتے هیں لیکن مرهٹواڑه اور کرناٹک سے جو کسان منتخب هوکر یہاں آئے هیں وه هاؤس کی زبان سے واقف نہیں هیں اسلئے وه هاؤس کے کاروبار میں حصه نہیں لے سکتے - میونسپالٹیز کا بهی یہی حال هے کیونکه وهاں انگریزی زبان هے اور وهاں همارے جو ممبرس منتخب هوکر آئے وه انگریزی نہیں جانتے - اس وجه سے میں یه عرض کرونگا که زبان کے تعلق سے بنیادی تبدیلی کی ضرورت هے کیونکه جب تک عوام کی زبان میں راج کے کاروبار نہیں چلتے اسوقت تک پیپلز رول ( People's Rule ) یا عوامی راج بهی قائم نہیں کیا جاسکتا - یه ایک اهم مسئله هے جسکی طرف توجه نہیں دی گئی هے - یه کہا جاتا هے که هم دستور کے تحت کچھ نہیں کرسکتے لیکن میں کہونگا که هم دستور کو مانتے هوئے بهی کچھ تو کرسکتے هیں - مثال کے طور پر حکومت حیدرآباد ایک ایسا بونڈری کمیشن قائم کرسکتی هے جو زبان کے لحاظ سے حیدر آباد کے تین علحده علحده علاقے قائم کرسکتا هے اور وه اپنا کام تلگو - مرهٹی اور کنڑی میں کرسکتے هیں - ایسا اسٹپ ( Step ) لیا جاسکتا هے - ایسا قدم حکومت اس وجه سے نہیں اٹهاتی که اس سے الگ الگ علاقے قائم هوجائینگے لیکن میں یه عرض کرنا چاهتا هوں که وه دن دور نہیں جبکه وشال آندهرا - سینکت مہاراشٹر اور کرناٹک کے علاقے وجود میں آئینگے

( Cheers )اس وجہ سے میں حکومت سے اپیل کرونگا کہ زمانہ کے تقاضوں کو نظر انداز نہ کیا جائے بلکہ حالات کو سمجھتے ہوئے حکومت عمل کرے تو یہی دانشمندی اور عقلمندی کا کام ہوگا - (Cheers)

اسیطرح میں یہ عرض کرونگا کہ ہم راج پرمکھ سسٹم ( Rajpramukh system ) کو برداشت نہیں کرسکتے - اسکے یہ معنے نہیں کہ ہم حکومت ہند کے دستور کو نہیں مانتے - جسطرح ہم جمہوریت کو مانتے ہیں الکسن کو مانتے ہیں عوامی راج کو مانتے ہیں اسیطرح دستور کو بھی مانتے ہیں - میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ دستور میں بھی تبدیلی کیجائے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ جمہوریت کے خلاف مطالبہ نہیں ہے - اسلئے میں اس معزز رکن سے ادباً یہ عرض کرونگا کہ ہم نے ہندوستان میں جد وجہد کے ذریعہ آزادی حاصل کی ہے اور ایسی ہی جدوجہد کے ذریعہ حیدرآباد کے چوکھٹے اور نظام میں بھی تبدیلی لائی گئی ہے .. جب وہ یہ سمجھتے ہیں کہ جد و جہد اور اتحاد کی وجہ سے ہی یہ تبدیلی لائی گئی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ زمانہ کا جو تقاضا ہے اور زمانہ کی جو رفتار ہے اوس کا اندازہ کئے بغیر صرف قانونی کتابوں کو سامنے رکھ کر یہ سمجھ لینا کہ ان کی وجہ سے تبدیلی آسکتی ہے یا آرہی ہے غلط ہے .. دس کئی سال کا تجربہ یہ بتاتا ہے کہ عوامی جد و جہد کے نتیجہ کے طور پر ایسی تبدیلیاں عمل میں آتی ہیں - ایسی جد وجہد سے بڑے سے بڑے دستور میں تبدیلی ہوسکتی ہے -

میں پھر اس کا ذکر نہیں کرونگا کہ ہماری حکومت صدیوں کا بوجھ لئے چل رہی ہے - میں اس کا بھی ذکر کرونگا کہ ایک کروڑ روپیہ نظام کو کیوں دیا جارہا ہے - میں ان دو کروڑ روپیوں کا بھی ذکر کرونگا جو بہ طور معاوضہ جاگیرداروں کو دیا جاتا ہے - لیکن یہ بتادینا چاہتا ہوں کہ یہ تمام بوجھ سر پر رکھے ہوئے اگر حکومت یہ سمجھتی ہے کہ وہ عوام کو فائدہ پہنچاسکیگی تو یہ غلط فہمی ہوگی - یہ تمام بوجھ سر پر رکھے ہوئے ہماری حکومت لڑکھڑاتی ہوئی چل رہی ہے اور اوس کو قدم قدم پر گھٹنے ٹیکنا پڑرہا ہے - یہ بات تو نہیں دیکھی جاتی لیکن کہا جاتا ہے کہ فینانشیل حالات کی وجہ سے ہم اپنے ارادوں کو پورا نہیں کرسکتے - لیکن مجھے عرض کرنا ہے کہ عوام - کسان مزدور اور متوسط طبقہ سلکر اکنامک لمیٹیشن ( Economic limitation ) کو دور کرسکتا ہے لیکن یہاں یہ حال ہے کہ آج کی حکومت پر عوام کو بھروسہ نہیں رہا - کسانوں مزدوروں اور ٹائلنگ ماسس ( Toiling masses ) کی جد وجہد کی وجہ سے حکومت نے باگ ڈور سنبھالی ہے لیکن اس حکومت پر عوام کو بھروسہ نہیں رہا - حکومت یہ سمجھتی ہے کہ جب تک اکنامک لمیٹیشن درست نہ ہو حالات درست نہیں ہوسکتے - کل ہی چند معزز دوستوں سے کچھ تذکرہ ہورہا تھا - انہوں نے کہا کہ اگر ایسا ہو تو زمیندار اور سرمایہ دار ریولٹ ( Revolt ) کردینگے - میں نے کہا کہ زمیندار اور سرمایہ دار ہندوستان یا حیدرآباد میں کتنے ہیں ؟ چند مٹھی بھر ہیں - اون کے لئے آپ سوچتے ہیں لیکن وہ لاکھوں اور کروڑوں کسان - مزدور - متوسط طبقہ کے

لوگ جو چاھتے ھیں کہ انہیں زمین ملے ۔ روزگار ملے ۔ خوشحالی نصیب ھو اون پر تو توجہ نہیں کی جاتی ھے ۔ مجھے یقین ھے کہ ان لوگوں کے اتحاد سے ھم حکومت ھند پر پریسر ( Pressure ) ڈال سکتے ھیں تاکہ وہ راج پرمکھ ،سسٹم ختم کردے جاگیرداروں کا معاوضہ بند کردے اور ایک کروڑ روپیہ جو بطور معاوضہ نظام کو دیا جاتا ھے وہ بھی بند کردے ۔ لیکن میں پوچھتا ھوں کہ کیا آج کی حکومت یا اوس کے رھنما اس چیز کو قبول کرنے تیار ھیں ؟ کیا وہ اس کو اکسپٹ ( Accept ) کرنے تیار ھیں ؟ درحقیقت یہ ایک اھم سوال ھے ۔ آج کی حکومت نے خود اپنی ذھنیت نہیں بدلی ۔ وہ عوام کی طاقت کو ساتھ لیکر آگے بڑھنے کے لئے تیار نہیں ھے کیونکہ عوام کو اوس پر بھروسہ نہیں رھا ۔ یہی وجہ ھے کہ حکومت اپنے آپ کو کمزور باتی ھے ۔ اس وجہ سے میں یہ عرض کرونگا کہ جب تک ان تمام باتوں کو حل نہ کیا جائیگا جب تک اوس تمام بوجھ کو جو اس کے سر پر ھے نہ نکال دیا جائیگا حالات درست نہیں ھوسکتے اور نہ ھم حیدرآباد میں خوشحال زندگی گزار سکتے ھیں ۔ جب تک یہ بوجھ نہ اتارا جائیگا ھماری معاشی حالت درست نہیں ھوسکتی ۔ اگر ھم اتحاد سے کام لیں تو مشکلات حل ھوسکتی ھیں ۔ مثال کے طور پر میں کہونگا کہ جب حیدرآباد کا فینانشل انٹگریشن (Financial integration) ھوا تو اوس وقت اس نقصان کو پورے ھاؤس نے محسوس کیا اور ایک آواز ھوکر حکومت ھند سے ھم نے کہا کہ اس سلسلہ میں ھمارے ساتھ ناانصافی کیگئی ھے ۔ فینانشیل انٹگریشن کے تحت ھمارے بڑے بڑے ری سورسس ( Resources ) لے لئے گئے ھیں جن کا معاوضہ ھمیں نہیں دیا گیا ۔ یہ آواز ھم نے متحدہ طور پر اٹھائی تھی جس کا نتیجہ یہ ھوا کہ حکومت ھند کو اس چیز کو محسوس کرنا پڑا اور ھماری مانگوں کو کسی حد تک ماننا پڑا ۔ پھر بھی میں کہونگا کہ آج کی حکومت نے موثر آواز نہیں اٹھائی جسکی وجہ سے بعض مانگیں پوری نہ ھوسکیں ۔ اگر اس سلسلہ میں بھی ھم متحدہ طور پر اپنی آواز حکومت ھند تک پہنچائیں تو اوس کو یہ ماننا پڑیگا اور ھمارے اندرونی معاملات اور فینانشیل ڈیفکلٹیز ( Financial difficulties ) کے سلسلہ میں ھماری مدد کرنا پڑیگا ۔ ان چند باتوں کو اگر دھیان میں رکھتے ھوئے ھم آگے بڑھینگے تو میں سمجھتا ھوں کہ ھمارے سوالات حل ھوسکینگے ۔

میں اب ایک دو چیزیں ھاؤس کے سامنے رکھتے ھوئے اپنی تقریر ختم کرتا ھوں ۔

اس میں عوام کو اور خاص کر کاشتکاروں کو زمین دلانے کے لئے قدم اٹھایا گیا ھے ۔ پوری تفصیل تو میں اوس وقت بیان کرونگا جب وہ بلز ( Bills ) ڈسکشن (Discussion) کے لئے آجائینگے ۔ لیکن جو اھم سوال میں پوچھنا چاھتا ھوں وہ یہ ھے کہ اس سلسلہ میں جو میکزیمم لمٹ ( Maximum limit ) رکھی گئی ھے اوس کے تحت کتنی زمین کسان کو ملے گی ۔ جو اعداد و شمار ملے ھیں اون سے پتہ چلتا ھے کہ اگر دو سو ایکڑ میکزیمم لمٹ ( Maximum limit ) رکھی جاتی ھے تو شائد

لاکھ ایکڑ زمین باقی رہ سکتی ہے جو کوآپریٹیو یا اور دیگر ذریعہ سے کسانوں کو دیجاسکیگی - اگر سو ایکڑ میکزیمم لمٹ رکھی جائے تو ۱۲ لاکھ ایکڑ زمین کسانوں کو دیجاسکتی ہے - لیکن اس قانون کے اندر جو ایوکسن ( Eviction ) کے حقوق دئے گئے ہیں اوس کے تحت کتنی زمین قولداروں کو واپس ملے گی ؟

اگر ایک فیملی ہولڈنگ ہو تو وہ قولداروں سے جو معیار مقرر کیا گیا ہے اوسکے مطابق زمین حاصل کرسکتا ہے اور اگر دو فیملی ہولڈنگ ہو تو اس میں جو ہولڈنگ رکھی گئی ہے (۴۴) ایکڑ کی اوس میں سے ۲۲ ایکڑ وہ حاصل کرسکتا ہے - بعض کے پاس تین فیملی ہولڈنگ ہیں تو وہ ایک فیملی ہولڈنگ زمین قولداروں سے حاصل کرسکتا ہے -

اس خطبہ میں جیسا کہ کہا گیا ہے ۶ لاکھ پروٹکٹڈ ٹیننٹس (Protected tenants) ہیں اون کے پاس ۷۰ لاکھ ایکڑ زمین ہے - میں نے ماہرین سے مشورہ کیا تو انہوں نے کہا کہ ایوکشن کا قانون عمل میں لانے کے بعد ۴ لاکھ پروٹکٹڈ ٹیننٹس سے زمیندار اپنی زمین واپس حاصل کرسکینگے - اس کے معنی یہ ہونگے کہ اون کے پاس جو ۷۰ لاکھ ایکڑ زمین ہے اوس میں سے آدھے سے زیادہ زمین ایوکشن کے قانون کے تحت جو حقوق زمینداروں کو حاصل رہینگے اوسکی بناء پر زمینداروں کو واپس ملیگی - اگر میکزیمم لمٹ ۱۸ لاکھ رکھی جائے تو اسکی وجہ سے آگے بھی اون کو زمین ملے گی یا نہیں یہ معلوم نہیں - جو قانون ہمارے سامنے ہے اوس کے تحت ایوکشن کو لیگلائز ( Legalise ) کرنے کے بعد اگر حکومت کسانوں کو زمینات دینے کے لئے تیار رہے تو میں بہت شوق سے اوس کی تفصیلات سننے کے لئے تیار رہوں - کیا سچ سچ اس قانون کے تحت کسانوں کو زمین ملیگی یا نہیں ملے گی میں اوس کو خوشی کے ساتھ سنونگا - اس قانون کی وجہ سے بہت بڑے پیمانے پر ایوکشن ( Eviction ) ہونے والا ہے - جن قیمتوں کا اس قانون میں تعین کیا گیا ہے یعنی ساٹھ گونہ مالگزاری کا جو میکزیمم ( Maximum ) مقرر کیا گیا ہے اسکی بجائے لینڈ اکریزیشن کمیٹی (Land Acquisition Committee) مقرر کیجائے تو وہ بازاری قیمتوں کے تحت زمین خرید سکیگی - ان چیزوں کو سامنے رکھتے ہوئے میں سمجھتا ہوں کہ حکومت غور کرے تو مناسب ہے - حیدرآباد کے کسانوں کی مسلسل جد وجہد کے بعد یہ قانون ہمارے سامنے آرہا ہے - یہ اون ہی کی جد وجہد کا نتیجہ ہے کہ حکومت کو یہ قانون لانا پڑا لیکن میں کہونگا کہ عوامی مانگوں کو یہ قانون پورا نہیں کرسکیگا - میں سمجھتا ہوں کہ اس قانون کے ذریعہ کسانوں کو زمین نہیں ملیگی - جب میں نے راج پرمکھ کا اڈریس پڑھا تو مجھے حیرت ہوئی - اوس کے دیکھنے سے یہ معلوم ہورہا تھا کہ کسی سکریٹری نے ایک سمری ( Summary ) لکھدی ہے حالانکہ راج پرمکھ یا گورنر کے اڈریس میں ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ سیاسی پالیسی کا اس میں اظہار ہو - لیکن اس میں نہ سیاسی پہلو نمایاں کیا گیا ہے اور نہ معاشی و معاشرتی پہلو - جو چیزیں اس اڈریس کے ذریعہ سامنے آنی چاہئے تھیں نہیں آئی ہیں - اس اڈریس

کو بڑھنے سے ہمارے معلومات میں کوئی اضافہ نہیں ہوا کیونکہ اس سے زیادہ تفصیلی رپورٹس تو ہمارے پاس بھی موجود ہیں ۔ ہم چاہتے تھے کہ حکومت کی آئندہ سال بنیادی پالیسی کیا رہیگی وہ کیا کیا کرنے والی ہے اسکو صاف صاف الفاظ میں واضح کیا جاتا ۔ بیروزگاری بڑھتی جا رہی ہے ۔ کارخانے بند ہوتے جا رہے ہیں ۔ فیامن کنڈیشن (Famine Condition) ریاست کے اکثر حصوں میں پیدا ہوتا جا رہا ہے ۔ ہزاروں جانور مر رہے ہیں ۔ چارہ نہیں مل رہا ہے ۔ مرہٹواڑی کے اضلاع اورنگ آباد بیڑ عثمان آباد میں پانی کی سطح نیچے چلی گئی ہے ۔ کئی ایک مقامات ایسے ہیں جہاں پانی نہیں مل رہا ہے ۔ پانی نہ ملنے کی وجہ سے ہزاروں جانداروں کی جان خطرے میں پڑ گئی ہے ۔ ایسے مسائل کی طرف جس سنجیدگی کے ساتھ قدم اٹھانے کی ضرورت ہے ان کا تذکرہ اس اڈریس میں نہیں ہے ۔ ہمارے آجکل کی حکومت کو چلانے والے اپنے اطراف کے واقعات کو دیکھکر آگے قدم بڑھاتے تو بہتر ہوتا ۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ حکومت نے قحط کے حالات کی جانب کوئی توجہ نہیں کی ۔

ری ہیبی لیٹیسن ( Rehabilitation ) کے سلسلہ میں مجھے یہ کہنا ہے کہ ری ہیبی لیٹیسن کا سوال ایک ایسا سوال ہے جسکو اس ہاؤز میں لانے کی ذمہ‌داری مجھ پر تھی ۔ جن لوگوں کو کئی وجوہات تکالیف اٹھانی پڑی ہے انکو رلیف ملنی چاہئے ۔ میں عثمان آباد گیا تھا ۔ وہاں میں نے دیکھا کہ کچھ کام ہو رہا ہے ۔ پنڈت نہرو نے بھی وہاں کا دورہ کیا ہے اور انہوں نے اس سوال پر توجہ دی ہے اسکے بعد حکومت کی جانب سے ایک کمیٹی قائم ہوئی ہے اور وہاں کے لوگوں کو رلیف دیگئی ہے ۔ ملٹری گورنر کے فنڈ سے جو رقومات خرچ کیگئی ہیں اوسکی تفصیل ہاؤز کے سامنے نہیں لائی گئی ہے ۔ اسکے تعلق سے تفصیلات ہاؤز کے سامنے آنے چاہئے تھے افسوس ہے کہ اسکی تفصیل ہاؤز کے سامنے نہیں لائی گئی ۔ جو فنڈ ملٹری گورنر نے جمع کیا تھا وہ فنڈ ملٹری گورنر کے نہ تھے بلکہ انہوں نے حکومت کے اعلی عہدہ‌دار کی حیثیت سے جمع کیا تھا اسلئے عوام کو یہ معلوم کرنے کا حق حاصل ہے کہ اوس روپیہ کو کسطرح خرچ کیا گیا ۔ اس فنڈ سے کیا کام کئے گئے ۔ ہمارے سامنے انکی تفصیلات رکھی جانی چاہئیں کہ کس حد تک ری ہیبلیٹیشن ( Rehabilitation ) کا انتظام کیا گیا ہے اور مزید جو اسٹاٹسٹکس ( Statistics ) ہمارے پاس آئے ہیں انکو ملحوظ رکھتے ہوئے کتنی رلیف اور دیجانی چاہئے ۔ میں نے عثمان آباد کے ری ہیابیلیٹیشن سنٹر (Rehabilitation centre ) کا معائنہ کیا ہے ۔ اس سنٹر میں بعض عورتیں نواڑ بنتی ہیں ۔ ان عورتوں کو فی ہفتہ ساڑھے تین روپیہ اجرت دیجاتی ہے ۔ آپ غور فرمائیے کہ کیا کوئی آٹھ آنہ روزانہ اجرت میں اپنی زندگی ایسے زمانے میں گزار سکتا ہے ۔ بہرحال جس حد تک کام انجام پانے کی امید کیجاسکتی ہے وہ کام انجام نہیں پا رہا ہے اور جو کام ہو رہا ہے اوسے تشفی بخش نہیں کہا جاسکتا ۔ بہت بڑے پیمانے پر رلیف ملنے کی ضرورت ہے اور

اسکا انتظام ہونا چاہئے - ہوم منسٹر سے میں نے پہلے بھی کہا ہے اور اب بھی میرا یہی کہنا ہے کہ جن لوگوں کی پراپرٹی ( Property ) زمین - مکان چھینا گیا ہے انکو واپس کرانے کی کوشش کرنی چاہئے - اس کوشش کے سلسلہ میں ایک رزولیوشن گذشتہ سال بھی ہم نے پیش کیا تھا اور اس سال بھی ہم نے ایک رزولیوشن پاس کیا ہے - یہ ایسا سوال ہے کہ اُس پر کافی توجہ کی ضرورت ہے -

آخر میں افسوس کے ساتھ مجھے کہنا پڑتا ہے کہ سیاسی حالات اور خاص طور پر امن کے حالات ٹھیک ہونے کے باوجود جو سیاسی جمہوریت قائم ہونی چاہئے تھی وہ یہاں نہیں ہوسکی - آج بھی سیاسی پارٹیوں پر جو تکالیف گزر رہی ہیں ان پر حکومت کوئی توجہ نہیں دے رہی ہے - جیل میں اب بھی (۱۱۸) سیاسی قیدی ہیں بیس قیدی ایسے ہیں جنکی سزائے موت کو حبس دوام میں متبدل کیا گیا ہے تقریباً اتنی ہی تعداد ایسے محروسین کی ہے جو زیر دریافت ہیں انکی جانب توجہ دینے کی ضرورت ہے - کئی مقدمات کے وارنٹ اب بھی قائم ہیں - امید تھی کہ سیاسی پارٹیوں کو موقع دیا جائیگا لیکن اس جانب توجہ نہیں کیگئی - کمیونسٹ پارٹی کے دو اشخاص کو نظر بند کیا گیا تھا انہیں بعد میں رہا کیا گیا لیکن اب ان پر ان ہتیاروں کے سلسلہ میں جو انکے پاس تھے مقدمات چلائے جارہے ہیں - ابھی ہمارے پاس اطلاع آئی ہے کہ سامبا مورتی کو ابھی تھوڑی دیر پہلے ارسٹ ( Arrest ) کیا گیا ہے میں ہاؤز سے ادباً عرض کرونگا کہ سیاسی پالیسی کے لحاظ سے آپ کی حکومت کو دیکھنا چاہئے کہ پچھلے زمانے میں کانگریس اور کمیونسٹ پارٹی کی طرف سے جو جد و جہد ہوئی ہے وہ سیاسی پالیسی کے لحاظ سے ہوئی ہے اور وہ سیاسی جد و جہد تھی اور اپنی جگہ تھی - آج حالات تبدیل ہوگئے ہیں - میں حکومت کے سامنے یہ چیز رکھنا چاہتا ہوں کہ جس سیاسی امنسٹی ( Amnesty ) کے بارے میں ہم امید کررہے تھے وہ آج بھی ہمارے سامنے نظر نہیں آرہی ہے - اب حیدرآباد میں چار نظر بند ہیں - امید ہے کہ نظر بندی کے جس قانون کو آج استعمال کیا جارہا ہے اسکو آئندہ استعمال کرنے کا رجحان حکومت نہیں رکھے گی - اور سیاسی قیدیوں کے تعلق سے جو سوال میں نے حکومت کے سامنے رکھا ہے اس پر حکومت سوچیگی اور ہمدردی کے ساتھ سوچیگی اور اس نقطہ نظر سے سوچیگی کہ سیاسی حالات کو درست کیا جائے - حالات کو بہتر بنانے کیلئے اسکی ضرورت ہے کہ جو مقدمات آج کل چلائے جارہے ہیں انکو اس پالیسی اور طریقہ کار کے نظر کرتے کہ جمہوری حالات پیدا کئے جائیں ختم کردینا ہی مناسب ہے - نیز جو وارنٹ اجرا کئے گئے ہیں انہیں منسوخ کرنا چاہئے تاکہ حالات درست ہوں - ان خیالات کا اظہار کرتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں -

**شری داور حسین** (نظام آباد) - اسپیکر سر - جمہوری حکومت کا ایک نظارہ ہم نے اس ایوان میں دیکھا - عوام کی حکومت کے آگے عوام کے حکم کی تعمیل کرتے میر عثمان علیخان نے راج پرمکھ کی حیثیت سے اس ایوان میں آکر اپنا دستوری فرض ادا کیا - یہ

اڈریس در اصل عوام کی ایوان کا اور دستور کا ایک آخری لفظ ھے - راج پرمکھ نے اپنے اڈریس میں اس وقت کی حکومت کی کارگزاریوں اور بالیسی کے متعلق جو تفصیلات پیش کئے ھیں وہ ایوان کے سامنے ھیں اور میں سمجھتا ھوں کہ اس میں ایک سال میں اس حکومت نے کیا کیا اسکے جزوی تفصیلات بیان کئے گئے ھیں اور اسکے ساتھ ساتھ یہ بھی بیان کیا گیا ھے کہ کن باتوں پر یہ حکومت کام کرنے والی ھے جس سے عوام کو فائدہ پہنچ سکتا ھے - گذشتہ موقع پر راج پرمکھ نے لینڈ ریفارمس ( Land Reforms ) کے متعلق ذکر کیا تھا اس میں راج پرمکھ نے لینڈ ریفارمس بل انٹروڈیوس (Introduce) کرنے کی خوشخبری کی بات سنائی اور دوسرے ھی روز حکومت نے اسکی تعمیل کی - لینڈ ریفارمس بل میں شائد کچھ باتیں اس حد تک نہ ھوں جس حد تک ھمارے اپوزیشن کے لوگ اس میں دیکھنا چاھتے ھیں - اور ممکن ھے اس بل میں جو خوبیاں ھیں وہ انکی نظر میں نہیں آسکیں - کیونکہ ھر شخص یا پارٹی کا کسی چیز کی طرف دیکھنے کا اینگل ( Angle ) الگ الگ ھوتا ھے - مختلف جماعتوں کا ھر چیز پر سوچنے کا ڈھنگ الگ ھوتا ھے - لیکن میں نہ صرف ایک پارٹی کے رکن کی حیثیت سے بلکہ ایک شہری کی حیثیت سے یہ کہہ سکتا ھوں کہ جمہوریت کے اصولوں پر چلنے والے بڑے بڑے ملک جس طرح کوئی خرابی پیدا کئے بغیر عوام کے مسائل حل کرنے کی نسبت سوچتے ھیں اسی طریقہ پر یہ حکومت سوچتی ھے اور میں پورے یقین کے ساتھ کہہ سکتا ھوں کہ جو بل حکومت کی جانب سے اس ایوان میں پیش کیا گیا ھے وہ یقیناً ایک عملی طریقہ سے عوام کی مشکلات دور کرنے کی کوشش کرتا ھے - اس میں نعرے بازی نہیں پیش کیگئی ھے بلکہ حقیقی طور پر عوام کی ضروریات کو پورا کرنے کی کوشش کیگئی ھے - اس کے تفصیلات ابھی ھاؤز کے سامنے پیش نہیں ھوئے ھیں لیکن وہ اصول اور طریقے جو اس بل میں ھیں وہ جب تفصیلات کے ساتھ بیان ھونگے تو مجھے یقین ھے کہ عوام کی رائے یہی رھیگی کہ سرمایہ داری کو اور بڑھانے کیلئے یہ بل پیش نہیں کیا گیا ھے بلکہ دیانت داری سے عوام کی تکلیفوں کو دور کرنے کیلئے یہ بل پیش کیا گیا ھے - میں اس موقع پر اس بل کے اندر زیادہ جانا نہیں چاھتا جب وہ بل سامنے آئیگا تب ھم اس پر بحث کرسکتے ھیں -

یہ بھی کہا گیا ھے کہ اس خطبہ میں حکومت کی آئندہ پالیسی کے متعلق کچھ بھی نہیں کہا گیا ھے - لیکن میں اس خطبہ کے بارے میں ذاتی طور پر متوجہ کرنا چاھتا ھوں کہ اس میں انڈسٹریز کے متعلق انڈسٹریز فینانس کارپوریشن - ھینڈی کرافٹ بورڈ - جیل کی اصلاحات - ملٹی پرپز سوسائیٹیز - کوآپریٹیو سوسائیٹیز - ایسی بہت سی چیزیں ھیں - یہ تو چند چیزیں میں نے کہی ھیں انکو حل کرنے میں حکومت کی کوشش کا اشارہ ھمیں ملتا ھے - حکومت کا یہ دعوی ھے کہ جسطرح سے راج پرمکھ کے گذشتہ اڈریس کے سلسلے میں کہا گیا تھا کہ اگر ملک کی حالت بہتر ھوگی تو وہ مسائل جو کہ پولس کے ذریعہ حل ھوتے ھیں وہ حل کرنے کیلئے پولس کی ضرورت نہیں ھوگی - جیسا کہ اپوزیشن نے کہا کہ پولس کے ذریعہ مسائل حل نہیں کئے جانے چاھئیں اور انکے اخراجات کم

کئے جانے چاھئے - حالات بہتر بیدا کئے جائیں تو وہ کمی کیجاسکتی ہے اور حکومت اس حد تک کمی کرنے کیلئے تیار ہے جو کہ ضروریات کے مطابق ہو - گذشتہ جیسے جیسے حالات بہتر ہوتے گئے ویسے ویسے اسمیں کمی کیگئی - اور میں دعوی کے ساتھ کہ سکتا ہوں کہ نارمل حالت ہونے تک جیسے جیسے حالت بہتر ہوتی جائیگی حکومت اسمیں کمی کرتی گئی ہے اور کرتی جائیگی - حالانکہ حکومت نے یہ کمی اسکے خلاف پروپیگنڈہ کے باوجود کی ہے - ابھی بریس میں آیا ہے کہ حکومت نے حالت کو صحیح طور پر محسوس نہیں کیا ہے - حکومت نے ہمیشہ اپنی نیک نیتی کا ثبوت دیا ہے - ملک میں بہتر حالت بیدا کیجائیگی تو حکومت پولس کے اخراجات اور تعداد میں کمی کرنے کیلئے کبھی بھی تیار ہے لیکن جہاں خواہش ہے وہاں میں اس طرف کے بنچز سے یہ درخواست کرونگا کہ اچھی حالت پیدا کرنے میں وہ امداد پہنچائے اور حکومت کو اس میں پوری طرح سے کمی کرنے کا موقع دیں -

اسکے بعد میں نے دیکھا کہ راج پرمکھ کے اڈریس کے سلسلہ میں ایسی بھی باتیں کہی گئیں جن کا اڈریس میں پتہ تک نہیں - مثلاً مال کی بنیادی تقسیم کا اڈریس میں پتہ تک نہیں - مجھے تعجب ہوا کہ ایک طرف حکومت کی پالیسی پر اعتراض کیا جاتا ہے اور اسکے ساتھ اس پالیسی کو رکگنائیز ( Recognise ) کرنے والے صدر کے اڈریس کو حکومت کے سامنے پیش کر کے کہاجاتا ہے کہ یہ آپ کا کمٹمنٹ (Commitment) ہے - کانگریس کا کیا کمٹمنٹ ہے ہم اس سلسلے میں کیا کرنا چاہتے ہیں اسکو ملک جانتا ہے - لیکن ایک پارٹی حکومت میں آنے کے بعدوہ جو کچھ چاہتی ہے وہ ملک کے دوسرے طبقوں اور پولیٹیکل انسٹی ٹیوشنس ( Political institutions ) کا خیال کئے بغیر نہیں کرسکتی - ہم جو کچھ کرنا چاہتے ہیں وہ آج کی حالت اور دقتوں کو دیکھتے ہوئے ایکدم نہیں کرسکتے - اسکے معنی یہ نہیں ہیں کہ ہم کچھ کرنا نہیں چاہتے - لیکن تمام ملک کی حالت کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہر مسئلہ کو ہم حل کرنا چاہتے ہیں - اسکے بعد ہم ایوان کو ایک ایجیٹیشن ( Agitation ) کا پلیٹ فارم بنانا نہیں چاہتے - ہم جانتے ہیں کہ عوام کے مختلف طبقوں کے نمائندے اس ایوان میں بیٹھتے ہیں - ہمیں یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ جو چیز ہم کرنے جارہے ہیں اسکا اثر لوگوں پر کیا پڑتا ہے - ان ساری باتوں کو سوچکر ہمیں عملی نقطہ نظر اختیار کرنا پڑتا ہے اور حقیقت میں وہی ہم اختیار کررہے ہیں -

اڈریس کے سلسلہ میں ایک اور چیز کی طرف میں ایوان کو توجہ دلانا چاہتا ہوں جس سے معلوم ہوگا کہ کس ہوشیاری کے ساتھ حکومت نے یہ کام کیا ہے اور وہ ہے سکہ کی تبدیلی - عثمانیہ سکہ کلدار میں تبدیل کر کے حکومت نے ملک کی خواہش کو پورا کیا ہے اور تمام ملک کے سکہ کی حالت کو مضبوط بنانے میں امداد پہنچائی ہے - مجھے یقین ہے کہ اس تبدیلی کی وجہ سے بازار کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں جو دقتیں پیدا ہونگی

ان پر حکومت قابو پاسکیگی - اس میں کچھ پیچیدہ سوال ضرور پیدا ہونگے - اور ہوسکتا ہے کہ ملک کو کچھ تکلیف ہو - جب حکومت حالی کی جگہ کلدار رقم دیگی تو لوگوں کو ۱۶ پرسنٹ کے حساب سے گھاٹا رہیگا - اور جب وہ بازار میں مال خریدنے جائینگے تو انہیں کلدار کے حساب میں ۱۶ پرسنٹ زیادہ دینے پڑینگے - اسطرح قریب (۳۲) پرسنٹ کا لوگوں پر بوجھ پڑیگا - اسکے بارے میں حکومت کو کچھ ترکیب سوچنی پڑیگی - لیکن جو تبدیلی کیجارہی ہے وہ ضروری ہے -

رشوت ستانی کے سلسلہ میں کہا گیا کہ حیدرآباد کے اڈمنسٹریشن میں رشوت خوری بڑھ گئی ہے - حیدرآباد میں جو کچھ رشوت خوری ہے اسکا ایک خاص سلسلہ ہے - پولس ایکشن کے پہلے رشوت خوری نہیں تھی - پولس ایکشن کے بعد یہ کرپشن آیا ہے - جو لوگ یہاں آئے انہوں نے برائیاں پیدا کیں - انہوں نے نہیں سوچا کہ اس سے نیشنل لائیف ( National life ) میں برائیاں پیدا ہونے والی ہیں - جو برسر اقتدار آئے انکی ذہنیت کیا تھی اس کی ایک مثال میں پیش کرتا ہوں - دو کانسٹبلس آپس میں بات چیت کررہے تھے - نظامی حکومت کیا ہے جہاں ہم جاتے ہیں روپیہ ہی روپیہ نظر آتا ہے جہاں ایسی ذہنیت سے انہوں نے کام کیا وہاں انہوں نے اپنی نیت تو بگاڑلی لیکن ساتھ ساتھ یہاں کے لوگوں میں بھی برائیوں کا سلسلہ جاری کردیا - پولس ایکشن کے بعد حیدرآباد میں باہر سے آئےہوئے ملازمین نےمنی آرڈر بھیجے ہیں - اگرہر شخص نےاپنی تنخواہ کے مقابلہ میں کتنے روپیوں کے منی آرڈر بھیجے اسکا پتہ لگایاجائےتو معلوم ہوسکتا ہے کہ انکے پاس اتنے روپیے کہاں سے آئے - میں سمجھتا ہوں کہ ایک زمانے میں یہاں پر ہر شخص اس رسوت ستانی کے صرف خلاف ہی نہیں تھا بلکہ اسے مذہبی برائی سمجھتا تھا - آج یہ ہماری سماجی برائی ہوگئی ہے - اور ایسے سماج میں میں اپنے کو بھی شمار کرتا ہوں - آج اس برائی کی طرف گہرائی کے ساتھ نہیں دیکھا جاتا - جہاں تک حکومت کا تعلق ہے اس نے اپنی طرف سے اس برائی کو دور کرنے کی ہر طرح کی کوشش کی ہے اور اسے دور کرنا ضروری بھی ہے - ایک سوسائٹی کے ارکان کی حیثیت سے ہم سب کا یہ فرض ہوتا ہے کہ ہم اس برائی کو دور کرنے میں حکومت کی مدد کریں -

اڈریس کے سلسلے میں ایک اور برائی کو دور کرنے کے بارے میں میں حکومت کو توجہ دلانا چاہتا ہوں - ہم دیکھتے ہیں کہ ہمارے فوجی ملازمین کی کمزوری کی وجہ سے بعض لوگوں کے ہاتھ میں ہتیار آجاتے ہیں اورکئی لوگ ان ہتیاروں کا استعمال برے کاموں کیلئے کیا کرتے ہیں - حکومت ایسے لوگوں کے خلاف سخت کاروائی نہیں کرتی اور نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ حکومت کی نیک نیتی کا ناجائز فائدہ اٹھایا جاتا ہے - میں کہنا چاہتا ہوں کہ جو شخص چاہے وہ بڑے درجہ کا ہو یا چھوٹے درجہ کا اگر وہ اس طرح کی برائیاں پیدا کرنے میں مبتلا ہے تو اس کو بڑی سے بڑی سزا دیجانی چاہئیے - جو ملک کو نقصان پہنچانے والا شخص ہے اسکو یقیناً کڑی سزا ملنی چاہئیے - لیکن اپنے اختلافی

خیالات کے لوگوں کو اپنے راستے سے هٹانے کیلئے هیاروں کے استعال کا موقع نہیں دیا جانا چاهئے۔

آخر میں ریجنل لنگویجز ( Regional language ) کے بارے میں میں کہنا چاهتا هوں ۔ همارے صوبه میں مختلف جماعتوں کی مختلف زبانیں هیں ۔ کسی کو یه کہنے کا موقع نہیں دیا جانا چاهئے که فلاں زبان کو بند کرنے کی کوشش کیجارهی هے ۔ مدرسے میں یہاں کی سب ریجنل لنگویجزس کی پڑهائی هونی چاهئے ۔

ان چند باتوں کے ساتھ میں عرض کرونگا که همارے راج پرمکھ کا اڈریس حکومت کی پالیسی اور عوام کے جذبات کو ظاهر کرتا هے اور هم اس شکریه کی تحریک کے ساتھ اسکی تائید کرتے هیں ۔

**श्री. अण्णाजीराव गव्हाणे**-(परभणी) : मिस्टर स्पीकर सर, राजप्रमुख का वह अॅड्रेस जिसके ताल्लुक से अेक ऑनरेबल मेंबर ने कहा कि अुन्होने अिसमे अुनके तरफसे तरक्की पसंदाना पॉलिसी का अिजाहार किया है, मुझे बडे अफसोस के साथ कहना पडता है कि जब मैंने यह अॅड्रेस देखा तो मालूम हुवा कि अुसमे कोअी खास पॉलिसी का अिजाहार नही किया गया है। राजप्रमुख के अॅड्रेस को देखा और वर्किंग ऑफ दी हैद्राबाद गव्हर्नमेंट डिपार्टमेंट्स १९५१-५२ अॅन्ड १९५२-५३ ( Working of the Hyderabad Government Departments 1951-52 and 1952-53 ) पढा तो मालुम हुआ कि अैसी कोअी खास पॉलिसी अुसमें नही बताअी गअी है। अेक और चीज जो लॅन्ड रिफॉर्म्स के बारे मे कही गअी है कि लॅन्ड रिफॉर्म्स ( Land Reforms ) की पॉलिसी जो गव्हर्नमेंट की है वह अिससे जाहिर होगी, अिसके मुताल्लुक जो कहा गया है अुसके अलफाज अिस तरह से हैं–

'Under the circumstances, a certain amount of delay was inevitable, but, it is hoped that the Draft Bill in the form in which it has emerged would meet the aspirations of the people to a great extent and would prove to be a sufficiently progressive landmark in the history of Land Reforms in India......'

अिस तरहके अलफाज रखे गये हैं। मैंने अिस बिल को अच्छी तरह से पढा है। लेकिन मेरी समझ मे यह नहीं आया कि जो रेव्होल्युशनरी बिल (Revolutionary Bill) अिस सिलसिले मे हमारे सामने आने वाला था वह अितना रिॲक्शनरी ( Reactionary ) कैसे हुवा? जो कानून नाफीज हुआ है अुसके तहत यह बतलाया गया है और आदाद व शुमार से मालूम हुवा है कि ६ लाख टेनन्टस को खारीज कर दिया गया है और ७५ लाख अेकड जमीन से टेनन्टस को खारीज किया है। यह कानून नाफीज हुआ तो मालूम हो गया कि दो लाख टेनन्टस ५० लाख अेकड जमीन से फायदा अुठा सकेंगे। अगर यही रेव्होल्युशनरी बिल (Revolutionary Bill) हो सकता है तो मुझको कहना पडेगा कि अेक साल अितने काम करने के बाद जैसे कि मराठी मे कहावत है कि "डोंगर पोखरून अुंदीर काढला" याने पहाड खोदकर चुहा निकाला। बहोत दिनों से हम सुन रहे थे कि लॅन्ड के बारे मे अेक बहुत अच्छा बिल लाया जायेगा। और जैसे लॅन्ड रिफार्म चायना मे किये

गये वैसे लॅन्ड रिफार्म हम करना चाहते है, और लॅन्ड रिफार्म बिल आनेके बाद आप देखेंगे कि हमारे यहा भी चायना जैसे लॅन्ड रिफार्म होगा। लेकिन अिस कानून को देखकर मालूम हुवा कि जो पुराना कानून है अुसको देखकर ही अिसे भी बनाया जा रहा है। वह कानून अैसा है कि फॅमिलीमो डाअी तीन अेकरेज रखने के बाद वह लॅन्ड होल्डर टेनन्ट की जमीन वापस ले सकता है। (दफा चार मे यह बतलाया गया है) जो अुनीस मे तरमीम की गअी है अुसमे बताया गया है कि किसानों को टेनन्ट हकदार राअीट्स करते है तो टेनन्सी खतम कर दी जाय। गव्हर्नमेंट ने अिस चीज को जिस तरहसे खारीज किया है अपने हैक्क लूज किये है और बहुतसे टेनन्ट्स बेदखल कर दिये गये है। और नाजायज तरीके पर यह कोशिस की गअी है कि अुन्हे अुनके जमीन से निकाला दिया जाय। यह मालूम होने के बाद दफा १९ मे यह तरमीम आअी है। अिससे यह मालूम होता है कि गव्हर्नमेंट किसी तरह से टेनन्टस का कब्जा बरकरार रखा जाय यह चाहती है। लेकिन आज गव्हर्नमेंट जो पॉलिसी अेख-तियार कर रही है अुससे अिसमे मदत नही हो रही है। आगे चल कर यह कहा गया है कि सब पार्टीज मिलकर हमारे साथ कोआपरेशन ( Co-operation ) करे, और जो काम हम करना चाहते है अुसमे हमारा साथ दे। अुसका अंग्रेजी जुमला अिस तरह से है–

'My Government needs all co-operation from all parties in the discharge of its heavy responsibilities.'

यह कहा गया। मुझको अफसोस के साथ कहना पडता है कि अैसी हालात मे हम आपकी मदत किस तरह कर सकते हैं? जब बेदखलिया जोर से चल रही थी तब अुन्हे रोकने के लिये अेक ऑर्डिनन्स जारी किया गया था। तब बहोतसी पार्टियोने अिसको सक्ती के साथ अिम्प्लिमेंट (Implement) करने की पुरजोर अपील गव्हर्नमेंट से की थी। हमारे पार्टी ने भी बेदखलिया रोकने के लिये काफी कोशिस की। नांदेड जिले मे ४ हजार अेकड जमीन से बेदखलिया रोकी गअीं। यह बेदखलियां जब हो रही थीं तो रेव्हिन्यू डिपार्टमेंट को अिसकी अित्तला दी जानेपर भी अुसपर तवजेह नहीं की गअी लेकिन अुलटे गव्हर्नमेंट के मशिनरी ने अिसमे जमीनदारों की मदत की। और जब लोगोंने अपने हुकूक के लिये बडे बडे जमीनदारो के खिलाफ अपनी मुव्हमेंट चलाअी तो वहां पर लाठियां चलाअी गअीं घोडे दौडाये गये और अेक जबरदस्त दहशत लोगों मे कायम की गअी। फिर भी अपनी अिस मुव्हमेंट मे वे कामियाब रहे। अपनी जमीन पर कब्जा हासिल करने के बाद फिर वहां पर पुलिस लाअी जाती है और वहां के टेनन्टस को गिरफतार किया जाता है। अिसके बारे में दो तीन महिनोंसे रिप्रेझेंटेशन किये जा रहे हैं। अिसके बारे में १० अेम. अेल. अेज और पांच अेम. पी. भी चीफ मिनिस्टर साहब से जाकर मिले अिसके लिये अेक संघ भी कायम हुआ मराठवाडे मे काफी वर्कर्स हैं जो अिस काम को कर रहें हैं। हमारे पार्टी के वर्कर्स भी अिस कामको कर रहें है लेकिन जो बडे बडे जमीनदार हैं वो पुलिस को अपने हाथ मे लेकर अभी भी टेनन्टस को किसी न किसी तरह से बेदखल करनेकी कोशिस कर रहें हैं। और अूनके अुपर किसी तरह से मुकदमें आयद किये जा रहे हैं। यदि आपकी पॉलिसीज अिम्प्लिमेंट करने मे दूसरी पार्टीज आपका हाथ बटाये अैसा आप चाहते है तो अिस तरह से काम नही चलेगा। अिस तरह गरीबोंको कुचलकर या दबाकर काम नहीं हो सकता है।

अॅड्रेस मे यह बतलाया गया है कि अभी स्टेट मे कोअी अबनॉर्मल ( Abnormal ) हालत तो नहीं है। तो हरअेक के फडामेंटल राअिट्स ( Fundamental Rights ) की हिफाजत

होनी चाहिये। आज तो गव्हर्नमेंट की मदद से जमीनदार लोग किसानों को जेलो मे ठोस रहें है। अगर वाकअी तौरपर आप सबका कॉपरेशन चाहते है तो आगे चल कर यह रवैया नही चलनेवाला है आअिंदा चलकर अिसे आपको बदलनाहि होगा।

दूसरी चीज मुझको अिस राजप्रमुख के अॅड्रेस मे यह मालूम हुअी कि जो आज अहम सवाल रोटी और पानी का है और बहोत बडा मसला है, अिसके बारे मे कोअी खास स्कीम मुझको अिस अड्रेस मे नही दिखायी दी। खासकर मराठवाडे की जो आज की स्थिती हैं वह बहुतही खराब है। अिस साल तो मराठवाडे मे रोटी और पानी का मसला है। वहा पानी की तो बहुत ही कमी होगअी है। अिसको हल करना गव्हर्नमेंट का फर्ज है। पानी हो या न हो अैसा कहकर नही चल सकता है। हमारे जैसे नुमाअिंदे जो यहां चुनकर आये है तो हमारा यह फर्ज अव्वल होता है कि हम अिस मसले को हल करें। परभणी जिले के बारे मे मै कहना चाहता हूं कि वहा कअी देहातों मे पीने के लिये भी पानी नही है। अिसी प्रकार अुस्मानाबाद, बीड, और औरंगाबाद जिले मे पानी अितना कम हो गया है कि वहां तो बिना पानी के जानवर काफी तादाद मे मर रहे है। यह हालत हो गअी है। पंचवर्सीय प्लॅन में अैसे कामों पर जो खर्चा होते जा रहा है या रखा गया है अुसमें ४२ हजार रुपये खर्च होने वाले है। तो अुसमे से मराठवाडे मे देने के लिये गुजाअिश नहीं दिखरही है, यह बडे अफसोस की बात है।

हमने मराठवाडे मे देखा कि अुस्मानाबाद, बीड, औरंगाबाद, पाटोदा, भूम, आष्टी, माजलगांव सभी जगह की हालत अिस वक्त बहुत खराब है। अब आपको औरंगाबाद जिले से कुछ देहातों के हालात बयान करता हू। वहा तो अैसे हालात है कि जानवरों को क्या लेकिन लोगों को भी पानी पीने के लिये नहीं है। लोग हमारे पास आकर कह रहे है कि अब आप अिन जानवरों को सम्हालिये। चाहे तो हमें अेक साल दिजिये या मत दीजिये।

जो ११ लाख रुपये खर्च किये जानेवाले है अुसमे तेलंगाना भी शामिल है। आप यदि मरदुमशुमारी कर के देखें तो आपको मालूम होगा कि मराठवाडे मे आबादी ज्यादा है, और वहां की आज की हालत देखी जाय तो मै कहुंगा कि जो ११ लाख रुपये खर्च होनेवाले है वे तो सिर्फ मराठवाडे को भी काफी नही है। मै कहुंगा कि कम से कम जो ग्यारह लाख रुपये खर्च किये जानेवाले हैं वो मराठवाडे की हद तक ही रहे क्योंकि वहां के हालात बहुत खराब है।.

लोग भुके मर रहे है, पीने के लिये पानी नहीं है जानवरों के लिये चारा नहीं है। दोसौ रुपये सेकडा कडबी बिकने की हालत पैदा हो गअी है। वहां हमारी गव्हर्नमेंट सिर्फ ग्यारह लाख रुपये खर्च कर रही है। हमारी गव्हर्नमेंट का यह मियार है और दूसरी तरफ गैरजरूरी कामों पर लाखों करोडों रुपये खर्च किये जाते हैं। राजप्रमुख को मुआविजा दिया जाता है, जागिरदारों को करोडों रुपये दिये जाते हैं। अिनकी रक्कम तो नहीं रुकती क्या यह नहीं हो सकता था कि फिलवक्त जागीर-दारों और निजाम को दी जानेवाली रक्कम को रोक लिया जाकर अिसको अुन कामों पर सर्फ किया जाता और अुनसे यह कहा जाता कि आअिंदा साल अिनकी रकमें दी जायेंगी? अिन पर तो आप दो करोड रुपये खर्च कर रहे है और जहां अव्वाम। की हालत तबाह है वहां आंसू पोछने के लिये कुछ लाख रुपये रिलीफ वर्क के नाम पर खर्च किया जाता है। क्या यह मामूली रकम अैसे

नाजूक हालात के लिये काफी हो सकती है? हरगिज नही मेरा गव्हर्नमेंट पर यह अिलजाम है कि अगर गव्हर्नमेंट की यही पॉलिसी रहे तो मै यह कहुंगा कि हालात और बदतर हो जायेंगे। कहा जाता है कि हम तरक्की पसदाना काम करना चाहते है। आपके मनसूबे कुछ भी हो लेकिन अिस-वक्त जो मुसीबते जो कॅलेमिटीज ( Calamities ) अव्वाम पर आ रही है अगर आप अिन्हें दूर न करे तो अव्वाम के लीडर आप पर भरोसा किस तरह कर सकते है?

लॅन्ड रिफार्म के ताल्लू से मुझे यह कहना है कि आप फाअिवअियर प्लॅन के तहत अिस अैटम पर ४२ हजार रुपये खर्च करनेवाले है। हाअूस में कअी बार अिसका मुतालिबा किया जा चुका है कि अिरिगेशन पर जो रकम खर्च की जाती है अुसका कुछ हिस्सा मराठवाडे मे कुछ प्रॉजेक्टस् बनाने पर भी खर्च किया जाय। लेकिन अिसके मुतालूक मैने अॅड्रेस मे सिर्फ अेक ही जुमला देखा कि–

'Investigations are being made regarding certain medium-sized projects especially in Marathwada areas.'

अब तक सिर्फ अिनवेस्टीगेशन्स ( Investigations ) ही हो रहें है। अगर अिसके निस्बत कुछ कहा जाय तो कहा जाता है कि प्राव्हिन्शिअल फीलिंग्ज(Provincial feelings) पैदा किये जा रहे है। मै अिस अिलजाम को तसलीम करता हूं, अिसलिये कि मुझे यह बात किसी न किसी तरह आपके सामने लानी है। मराठवाडे मे पानी नही है, अिरीगेशन के काम नहीं हो रहे है, अैसे हालात के बावजूद कोअी मीडियम साअीज या माअिनर प्रॉजेक्ट शुरू नहीं किया जाता। फाअीव अियर प्लॅन के तहत जो प्रॉजेक्टस् है अुनमें भी अिनके लिये कोअी जगह नहीं। मुझे यह कहते हुअे अफसोस होता है। कम से कम मराठवाडे से पूर्णा प्रॉजेक्ट को फाअीव अियर प्लॅन में शरीक किया जाता। मुझे यह तवक्को थी कि यह चीज नजर आयेगी लेकिन मुझे अफसोस के साथ कहना पडता है कि मेरी अुमीद पूरी नही हुअी। अॅड्रेस में सिर्फ यह कह दिया गया है कि 'Investigations are going on.' मै समझता हूं कि फाअीव अियर प्लॅन खतम होने तक भी अिनवेस्टीगेशन्स खतम नहीं होंगे। अगर यही हालात रहे तो किसानों मजदूरों और पस्त तबकात की भलाअी की क्या तवक्को की जा सकती है?

मेरे लिये ज्यादा वक्त नहीं है। मै सिर्फ अेक दो चीजें हाअूस के सामने लाकर अपनी तकरीर खत्म करता हूं।

हैद्राबाद की करन्सी तबदील की जा रही है। अिस तबदीली के मुतालुक मैने आॅनरेबल फाअीनान्स मिनिस्टर की स्पीच भी पढी और राजप्रमुख का अॅड्रेस भी देखा। मुझे कही भी यह बात नजर नहीं आअी कि फस्ट अेप्रिल से सिक्के में जो तबदिली होनेवाली है अुससे कॉमनमॅन ( Common man)और मिडिल क्लास ( Middle class ) तबके पर जो असरात पडने वाले हैं अिन्हें मीट अौट ( Meet out ) करनेके लिये हुकूमत क्या करनेवाली है? अिसके लिये हुकूमत के पास क्या स्कीम है, क्या प्लॅन है? मुझे अफसोस के साथ कहना पडता है कि न तो फाअीनान्स मिनिस्टर की स्पीच में और न राजप्रमुख के अॅड्रेस में यह चीज वाजेहकी गअी है।

आखिर मै मुझे हुकूमत की अेज्युकेशन पॉलिसी पर कुछ कहना है। अॅड्रेस में हाअूस से पास किये हुअे बिल परी अेंड कम्पलसरी अेज्युकेशन बिल का जिक्र करते हुअे कहा गया है 'क हम तालीम

पर ज्यादा रकम खर्च करना चाहते है। लेकिन फाअीनान्स मिनिस्टर ने अपनी स्पीच में साफ तौर पर यह तसलीम कर लिया है कि जो रकम अुन्होने बजेट मे फुड वाटर और शेल्टर के लिये रखी है वह किसी तरह लोगों की जरूरत को पूरा करने के लिये काफी नही है। अिस तरह अेज्युकेशनल पॉलिसी की हद तक मै कहुगा कि अॅड्रेस से सिवाय कम्यूनिटी प्रॉजेक्ट अेरियाज के किसी और जगह फ्री अॅड कम्पलसरी अेज्युकेशन (Free and compulsory education) का प्रबध करने का अिरादा जाहीर नही होता। मै कहुगा कि यह बिलकुल नाकाफी अिन्तेजाम है अिस अॅड्रेस मे सिर्फ वही चीजें है जिनके बिल्स तैयार हुअे है। अिस लिहाज से हम कह सकते है कि अिस अॅड्रेस मे अेक साल की स्टोरी रखी गअी है। अिसकी कोअी सराहत नही कि आअिंदा क्या किया जाने वाला है। आपकी क्या पॉलिसीज रहेगी? क्या अिंडस्ट्रिअल पॉलिसी रहेगी? अेज्युकेशनल पॉलिसी क्या रहेगी? फुड पॉलिसी क्या रहेगी? वाटर वर्क्स के निस्बत क्या पॉलिसी रहेगी? अिसका अुसमे जीक्र नहीं है।

अॅड्रेस के मुतालुक मैंने अिन खियालात का अिजहार किया है। मै यह मुकर कहुंगा कि पानी और कहत का सवाल अिन्तेहाअी अहमियत रखता है। अिस पर किसानों की जिंदगी और मौत का दारो-मदार है। मै कहुगा कि गव्हर्नमेंट अिस पर काफी तवज्जेह करें और जो रकम रखी गअी है अिसम अिजाफा कर के या नअी स्कीम लाकर अिसको हल करने की कोशिश करे.

**شری مادھو راؤ نرلیکر** ( هنگولی ) - مسٹر اسپیکر سر - تقریباً ایک سال کے بعد همیں راج پرمکھ کے اڈریس پر تقریر کرنے کا موقع ملا هے - همیں امید تهی که اس ایک سال کی مدت میں همیں دو باره راج پرمکھ کے اڈریس پر تقریر کرنے کا موقع نہیں ملیگا - حال هی میں یہاں آل انڈیا کانگریس کمیٹی کا ادهیویشن هوا تو هم سمجھ رهے تهے که کم از کم اس میں یه تصفیه کیا جائیگا که راج پرمکھ کے عهدے کو ختم کیا جائے - لیکن عوام کی مانگ کے باوجود ایسا نہیں هوا اور همیں دوباره راج پرمکھ کے اڈریس پر تقریر کرنے کی نوبت آچکی هے - ایک آنریبل ممبر جنهوں نے اس اڈریس پر شکریه کی تحریک پیش کی انهوں نے کہا که یه رسمی یا دستوری طریقه هے که جب راج پرمکھ یہاں آتے هیں تو ارکان کا یہاں حاضر رهنا ضروری هوتا هے - میں نے انکی تقریر کو غور سے سنا - دستور نافذ هو کر تقریباً (٦) سال کا عرصه هوتا هے ارکان سے دستور کی پابندی کی خواهش تو کی جاتی هے لیکن دستور کی کئی چیزیں ایسی هیں جن پر رولنگ پارٹی خود عمل نہیں کرتی .. اور میں انکے اس رویه کو سمجھنے سے قاصر هوں - میں اڈریس پر تفصیلی تقریر کرنے کی بجائے اڈریس کے اس جزو کی طرف توجه دلاؤنگا جو اس قوم سے متعلق هے جو یہاں کی حکومت کو مستحکم کرنے والی هے - جس قوم کی وجه سے آج حکومت زنده هے - اس قوم کے لئے اڈریس میں تین چار چیزیں بیان کی گئی هیں - یه وه بدنصیب قوم هے جس کو کوئی اچھوت کہتا هے کوئی پست کرده اقوام - اور اگر دستور کے لحاظ سے دیکھا جائے تو اس کو شیڈولڈ کاسٹ کہنا چاهئے - یہاں دستوری بحث تو کی جاتی هے لیکن دستور پر عمل نہیں کیا جاتا - سنه ۱۹۳۵ ع میں اور جدید دستور هند جو خود بابا صاحب امبیڈکر نے بھارت کا دستور بنایا - اس دستور میں اس قوم کیلئے شیڈولڈ کاسٹس کا لفظ استعمال کیا گیا هے - لیکن مجھے

افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اڈریس میں وہ لفظ استعمال نہیں کیا جاتا بلکہ وہ لفظ استعمال ہوتا ہے جسے کانگریس ہمیشہ استعمال کرتی ہے اور گورنمنٹ ہریجن جیسے لفظ کو رکھتی ہے جسے مہاتما جی نے جنم دیا تھا - جس لفظ سے اچھوت سماج کو پکارا جاتا ہے - شیڈولڈ کاسٹ فیڈریشن کے اصول کے لحاظ سے مجھے اس لفظ سے سخت نفرت ہے - میں سمجھتا تھا کہ کم از کم راج پرمکھ اس لفظ کو استعمال نہیں کرینگے کیونکہ اس سے قبل پچھلے زمانہ راج پرمکھ کے فرمان میں لفظ '' درج فہرست اقوام '' شائع کیا گیا تھا اور یہ کہا گیا تھا کہ درج کردہ طبقات میرے پردیش میں اکثریت میں ہیں اسلئے انکی فلاح و بہبود کے کام ہونے چاہئیں - اس وقت کے فرمان اور راج پرمکھ کے موجودہ اڈریس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ راج پرمکھ کے خیالات میں کتنی تبدیلی آئی ہے - مجھے لفظ '' ہریجن '' سے نفرت ہے - جسطرح ایک شخص دوسرے کو گالی دیتا ہے اسیطرح لفظ ہریجن بھی ہمارے لئے ایک گالی ہے -

اب میں اڈریس کی دو تین باتوں کی طرف اشارہ کرتا ہوں اڈریس میں ذکر کیا گیا ہے کہ مائی گورنمنٹ ( My Government ) ریپبلک میں عوام کی حکومت ہوتی ہے - عوامی راج ہوتا ہے - جنتا کی حکومت ہوتی ہے لیکن اڈریس میں مائی گورنمنٹ کے الفاظ استعمال کئے گئے ہیں - ٹریژری بنچس کی جانب سے تو بہت ہی زور و شور سے کہا جاتا ہے کہ یہ عوامی حکومت ہے - لیکن اڈریس جب تو مائی گورنمنٹ کے الفاظ ہیں تو میں جاننا چاہتا ہوں کہ یہ پیپلز گورنمنٹ ہے یا نظام گورنمنٹ ہے - جب یہاں ایک الکٹڈ گورنمنٹ آچکی ہے تو یہ الفاظ انہیں نہ استعمال کرنا چاہئے تھا - اسطرف بیٹھنے والے آنریبل ممبرس الکشن لڑکر آئے ہیں یا پیسہ دیکر الکشن جیتے اور یہاں آئے ہیں میں اسکا ذکر کرنا نہیں چاہتا - لیکن انکی طرف سے بھی کہا جاتا ہے کہ وہ عوامی نمائندے ہیں تو پھر موجودہ حکومت کو بھی عوامی حکومت کیوں نہیں کہا جاتا - میں سمجھتا ہوں کہ مائی گورنمنٹ کے الفاظ استعمال کرنے سے دال میں کالا معلوم ہوتا ہے - اس کے علاوہ اڈریس میں جو پالیسی ظاہر کیگئی ہے وہ سرمایہ دارانہ حکومت کی پالیسی ہے جیسا کہ اڈریس سے پتہ چلتا ہے -

میں یہ عرض کررہا تھا کہ اڈریس میں شیڈولڈ کاسٹ کیلئے دو تین چیزیں بیان کیگئی ہیں - انہوں نے کہا ہے کہ حیدرآباد پردیش میں ۵۰ ہزار ایکڑ زمین درج فہرست اقوام کو تقسیم کی ہے - میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آیا یہ زمین لوگوں میں تقسیم کیگئی ہے یا کاغذ پر ہی اسکا اندراج ہے - دوسری چیز یہ ہے کہ جن لوگوں کو یہ اراضیات تقسیم کیگئی ہیں مجھے اسکا تجربہ ہے کہ وہ محصورہ یا جنگلات کی زمینات کہکر انکو واپس لے لیا جارہا ہے - اگر ۵۰ ہزار ایکڑ زمین دیگئی ہے تو اسکا اڈریس میں ذکر ہونا چاہئے تھا کہ اس وقت درج فہرست اقوام کے قبضہ میں کتنی ہے کیونکہ دراصل حساب لگایا جائے تو اتنی زمین درج فہرست اقوام کے قبضہ میں نہیں ہے - میں یہ نہیں کہتا کہ

زمین دی ھی نہیں گئی - ممکن ھے تھوڑی بہت زمین دیگئی ھوگی -

ایک اور چیز جسکا اڈریس میں ذکر کیا گیا ھے وہ یہ ھے کہ ۰۰ے ایکڑ زمین درج فہرست اقوام کو مکانات تعمیر کرنے کیلئے دیگئی ھے - جب یہ سوال ھمارے سامنے آتا ھے تو دیہاتوں کا پس منظر بھی ھمارے سامنے آجاتا ھے جہاں دیہاتوں میں مکانات کی تعمیر کیلئے یہ زمین دیگئی ھے - مشکلات یہ ھیں کہ جو اراضیات دیجاتی ھیں وہ شیڈولڈ کاسٹ پسند نہیں کرتے اور ان سے یہ بھی کہا جاتا ھے کہ تم بہت نزدیک ھوتے جارھے ھو اس لئے دو میل کے فاصلہ پر زمین لو اور تم ھم لوگوں سے دور رھو - لیکن یہاں کہا جاتا ھے کہ ھم انکی معاشی - معاشرتی اور سماجی حالات کو اور مسکلات کو حل کرنا چاھتے ھیں - جب ھم حکومت کی پالیسی کو دیکھتے ھیں تو بھی یہی بات ثابت ھوتی ھے کہ دو دو میل بستی سے دور مکانات تعمیر کرنے کیلئے زمین دیجاتی ھے - اچھوت سماج کا پلہ ایک طرف رھتا ھے اور دوسری طرف آپ لوگوں کے محلے رھتے ھیں - عوامی حکومت کے لحاظ سے دیکھا جائے تو ایسا ھرگز نہ ھونا چاھئے - پرسوں ھی یہاں ھریجنوں کی میٹنگ میں پارلیمنٹ کے ممبر شری کاجل کور نے کہا کہ اب پست اقوام کو چماروں اور مہاروں کو الگ رھنے کی ضرورت نہیں بلکہ ھم کو بھی بستیوں میں رھنا چاھئے - اسلئے میں پوچھنا چاھتا ھوں کہ جب حکومت کی یہ پالیسی ھے تو پھر کیوں دو میل بستی بسانے کیلئے دو میل کے فاصلہ پر زمین دیجاتی ھے - اور ایسی صورت میں ھم کسطرح اکھٹا رہ سکتے ھیں - اسلئے میں یہ کہونگا کہ جب دستور کے تحت بھی اچھوت سماج کا مسئلہ آتا ھے تو رولنگ پارٹی دستور پر عمل کرنے کیلئے تیار نہیں ھے - آپ کو معلوم ھے کہ ۲۶ جنوری کا دن بڑی دھوم دھام سے منایا گیا - لیکن آپ نے اخباروں میں دیکھا ھوگا کہ ارسطرف بیٹھنے والے حکومت کے ایک وزیر مسٹر شنکر دیو کو رام مندر گولی گوڑہ میں جانے سے روکا گیا آپ اس سے اندازہ لگاسکتے ھیں کہ جب آپکی کابینہ کے ایک منتری کو مندر میں جانے سے روکا جاسکتا ھے تو اچھوت سماج کے دوسرے لوگوں کی کیا حالت ھوگی - دوسرے اچھوتوں کو کسطرح کوئی مندر میں آنے دیسکتا ھے - اسلئے صاف الفاظ میں میں یہ کہدینا چاھتا ھوں کہ جب تک یہ حکومت اس رجحان کو کچل نہیں دیتی ھمارا کوئی مسئلہ حل ھونے والا نہیں ھے (چیرز) -

یہ کہا جاتا ھے کہ اچھوت سماج کے لڑکوں کیلئے اسکولس کھولے گئے ھیں اور انکی مفت تعلیم کا انتظام کیا گیا ھے لیکن جب ھم دیہاتوں میں دیکھتے ھیں تو یہ صاف ظاھر ھے کہ اچھوت سماج کے بچوں کو اب بھی دور بٹھایا جاتا ھے - اگر آپ اسکا ثبوت چاھتے ھیں تو سنا پیپری میں تعلقہ ھنگولی کی مثال دیسکتا ھوں جہاں ایک مندر میں اسکول قائم کیا گیا ھے - وھاں اچھوت بچوں کو سیڑیوں کے نیچے بٹھایا جاتا ھے - آپ ھی بتلائیے کہ جب آپ دستور پر ھی عمل نہیں کررھے ھیں تو ھم آپ سے کیا امید رکھ سکتے ھیں -

یہ میں اسلئے عرض کررہا ہوں تاکہ آپ کو گذشتہ زمانہ اور موجودہ زمانہ کے حالات میں کیا فرق آیا ہے وہ ظاہر ہو - میں یہ کہونگا کہ موجودہ حالات پہلے سے بھی بدتر ہوگئے ہیں -

بجٹ کے سلسلہ میں یہ کہا گیا ہے کہ اچھوت سماج کیلئے ۱۰ لاکھ کا پراویژن رکھا گیا ہے - اسکا ذرا تفصیل سے جائزہ لیجئے - میں جس تعلقہ سے کانگریس کو گراکر آیا ہوں اس تعلقہ کے تحصیلدار سے ملا اور رقم کے سلسلہ میں بات چیت کی تو معلوم ہوا کہ پورے تعلقہ کیلئے صرف دو سو روپیہ باؤلیاں کھدوانے کیلئے اور دو سو پچاس روپیہ پورے تعلقہ میں مکانات تعمیر کرنے کیلئے جگہ خریدنے کیلئے رکھے گئے ہیں جس پر خود حکومت کے عہدہ دار ہنس رہے ہیں - میں ایک دوسری چیز آپکو بتلانا چاہتا ہوں کہ انڈسٹریز کی ترقی کے سلسلہ میں صرف ۱۲ روپیہ دئے گئے ہیں - میں صاف الفاظ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اچھوت سماج اب ان حالات کو برداشت کرنے کیلئے تیار نہیں - اگر آپ عوام کے خیالات اور انکے رجحانات کا لحاظ نہیں کرسکتے تو آپکو حکومت کرنے کا بھی کوئی ادھیکار نہیں ہے - چاہے یہاں کسی کی بھی حکومت ہو خواہ وہ کانگریس ہو یا پی - ڈی - یف یا سوشلسٹ ہم ایسی حکومت چاہتے جو عوام کی بھلائی کے کام کرنا چاہتی ہے اور کرتی ہے - دوسرے ممالک کی اتہاس آپکے سامنے ہے - جب انہوں نے عوام کی بھلائی کا خیال نہیں کیا تو انکا کیا نتیجہ ہوا - اب یہی حالات بھارت اور حیدرآباد میں بھی پیدا ہوگئے ہیں - آج لوگ گورنمنٹ سے اپنی پریشانیوں کی وجہ سے بیزار ہوگئے ہیں کیونکہ انکا کوئی مسئلہ حل نہیں کیا گیا ہے اسلئے آپکو سوچنا چاہئے کہ آپ کیا کریں -

اڈریس میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ تقریباً ۷۰ لاکھ ایکڑ زمین محفوظ لگانداروں کے قبضہ میں ہے - میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ زمین آپکے کاغذوں پر ہوگی - یہ ہند سے آپ نے راج پرمکھ کو بتلائے ہونگے یا راج پرمکھ نے آپ سے طلب کئے ہونگے لیکن حقیقت میں کیا ۷۰ ہزار ایکڑ زمین محفوظ لگانداروں کے قبضہ میں ہے اس پر غور کرنے کی ضرورت ہے - اگر حقیقت میں دیکھا جائے تو پتہ چلیگا کہ ۷۰ لاکھ کا ۱/۳ حصہ زمین لگانداروں کے قبضہ میں نہیں ہے - میں اپنے تعلقہ سے ہی ایسی کئی مثالیں دیتا ہوں چنانچہ بسمت نگر میں ایک شخص کو تحصیل سے زمین کے قبضہ کیلئے آرڈر بھی دیا جاچکا ہے لیکن وہ شخص اسپر قبضہ نہ کرسکا - اسیطرح دوسری مثال میں ملک سنگی کی دونگا وہاں ایک شخص کا قبضہ ۲۰ سال سے ہے لیکن اسکو ہٹایا گیا اور اب تک دوبارہ قبضہ نہیں دلایا گیا - لیکن یہ زمینات بھی حساب میں داخل ہونگی - اسیطرح ۷۰ لاکھ ایکڑ زمین تو بتلائی جاتی ہے لیکن در اصل لگانداری کے قانون پر عمل نہیں ہورہا ہے - کہا جاتا ہے کہ اسطرح پورے حیدرآباد اسٹیٹ کے کلٹیویٹیڈ ایریا (Cultivated area) کا ۱/۳ حصہ عوام کے قبضہ میں دیا گیا ہے - میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ یہ زمین راضی نامے اور صلح نامے لکھوا کر دئے ہونگے لیکن در اصل زمین کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا

بھی انہیں نہیں ملا ہے - میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ حکومت کو جاننا چاہئے کہ صحیح چیز کیا ہے - جب ہمارے آنریبل اسپیکر اور انکے ساتھ میرے دوسرے آنریبل راؤ صاحب آئے تھے تو میں نے دو سو شیڈولڈ کاسٹ لوگوں کے ساتھ آنریبل اسپیکر سے پڑاؤ زمین کے سلسلہ میں بات چیت کیا اور انہیں ھنگولی کی یہ زمینات بتلائی تھیں - آپ حقیقت کو چھپا نہیں سکتے کیونکہ جتنا آپ چھپانے کی کوشش کرینگے اتنا ہی لوگ جاگ اٹھینگے اور ایک دن ایسا آئیگا جبکہ وہ اپنے حقوق کیلئے اندولن شروع کرینگے - اسلئے میں کہونگا کہ حکومت کو عوام کے رجحانات معلوم کرنا چاہئے اور اسکا اڈریس میں بھی لحاظ کیا جاتا تو بہتر ہوتا -

**شری ڈپٹی اسپیکر** .. آپ کا وقت ختم ہوگیا ہے -

**شری مادھو راؤ نرلیکر**. ایک منٹ اور - اڈریس میں یہ کہا گیا ہے کہ میری سرکار نے یہ کیا اور وہ کیا - لیکن در اصل کچھ نہیں کیا گیا اور نہ آئندہ کرنے والی ہے - اسکے بعد میں یہ عرض کرونگا جیسا کہ ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ بیڑ - عثمان آباد اور اورنگ آباد میں پانی کا مسئلہ نہایت اہم ہے اور خاص طور پر اچھوت سماج کے لوگوں کیلئے - چھوت چھات کی وجہ سے اچھوت سماج کے لوگوں کو پانی کی مشکلات پیش آتی ہیں اور انہیں گاؤں چھوڑ کر دوسرے مقامات میں سہارا لینا پڑتا ہے - میں گورنمنٹ سے اپیل کرونگا کہ ان لوگوں کو پانی کی مصیبت سے بچانے کیلئے باؤلیاں کھدوانے یا نہیں تو حکومت کی جانب سے پانی کی سپلائی کا انتظام کیا جائے یا پھر حکومت کی جانب سے ایک ایسا آرڈیننس نکالا جائے جسکے ذریعہ عام باؤلیوں اور خاص باؤلیوں پر جہاں دوسرے لوگ پانی بھرتے ہیں اچھوت لوگوں کو بھی پانی بھرنے کی اجازت دیجائے تاکہ پانی کا مسئلہ حل ہوسکے .. اتنا کہتے ہوئے میں ادباً عرض کرونگا کہ حکومت کو اپنے پالیسی میں تبدیلی کرنا چاہئے اور اچھوت سماج پر زیادہ توجہ دینی چاہئے کیونکہ وہی طبقہ آپ کی حکومت کو بنا بھی سکتا ہے اور بگاڑ بھی سکتا ہے ..

*Shri M. S. Rajalingam* : Mr. Speaker, Sir, The authoritative pronouncement on the policies of the Government is before us. After carefully going through the Rajpramukh's address, one would see that the policies under reference were within the limits of the Constitution and without encroaching upon the policies that could have formed the subject matter of the President's Address to be laid before the Parliament. If any thing contrary to the later part had happened, it only meant that we were uncharitable to the Members of the Parliament of this State and which is tantamount to a lack of faith in their discharge of duties and responsibilities bestowed in them. The Federal list in the Indian Constitution has specified the scope of subjects that can be dealt between the

State Legislature and Parliament. It is for us here to understand it and work it up to further the spirit of the One Nation Theory underlying it. So any move that shall weaken this basis and result in the formation of small independent Sovereign Republics cannot be appreciated by this House. With this background the question of the formation of Andhra and Vishalandhra States should be studied.......... I am confused......

శ్రీ జి. హనుమంతరావు—(ములుగ్). తెలుగులో మాట్లాడండి.

శ్రీ యం. యస్. రాజలింగం:—తల నొప్పిగా ఉంది....అలాగే చేస్తాను. ( Re-organisation of the States) జరుగకపోయినట్లయితే మనం చాలా ఇబ్బందిలో పడతాము. పైగా ఛాలా ద్రోహం చేసిన వారమవుతాము. ఇటీవల Indian National Congress చేసిన Re-organisation of the States ) తీర్మానం, విశాలాంధ్ర ఆశయానికి భిన్నంగా ఏమీ లేదు. స్వామీజీ ఇటీవల గద్వాలలో సర్యటిసూ విశాలాంధ్ర స్టేటులో చేరేందుకు తెలంగాణా సిద్ధంగా యుండాలని అన్నారు. ఈ విధంగా స్వామీజీ నెహ్రూగారల వైఖరిలో విశాలాంధ్రకు తావు లేకపోలేదు. కాని ప్రతిపక్ష సభ్యులు ఊహిస్తున్న విధంగా భారత రాజ్యాంగాన్ని ( Loose Federal Structure ) గా ఉంచి, అనంతరం చిన్న చిన్న ( Sovereign independent Republics ) తో దేశాన్ని నిర్మాణము చేయాలనుకుంటే, ఇది భారత రాజ్యాంగ చట్టము కోరిన ఫెడరేషన్ ( Federation ) కాజాలదు. పైగా జాతీయ ఐక్యతకు భారత రాజ్యాంగ చట్టమునకు మూల పునాదియైన ( One nation theory ) కి గొడ్డలిపెట్టు అవుతుంది. అందుకనే ఒక విషయం వారు దృష్టిలో ఉంచుకోవాలి. వారు, మేము కూడ ఆంధ్ర స్టేటు కావాలనేటప్పుడు విశాలాంధ్ర కావాలనే టప్పుడు ఏకాభిప్రాయులమే. కాని దేశీయ ఐక్యతకు జాతీయ ఐక్యతకు ఏక జాతీయ సిద్ధాంతానికి దెబ్బ తగిలే విధంగా ఆంధ్ర, విశాలాంధ్ర స్టేటుల నిర్మాణానికి మేము వ్యతిరేకులము అందుకని వారిని కోరేదేమంటే, అశ్రద్ధవల్ల గాని అమాయికత్వంవల్ల గాని, బుద్ధిపూర్వకంగా కాని ఆరాచక పరిస్థితులు తేబోకండి. అలా జరిగితే విశాలాంధ్ర నిర్మాణం వెనుక పడిపోతుంది. అదేవిధంగా ( Sovereign independent Republic ) నిర్మాణం విషయంతో నొక్కిచెప్పి అనుమానాలకు దారి తీయబోకండి. అప్పుడు విశాలాంధ్ర రాక తప్పదని మనవి చేస్తున్నాను. మన స్టేటుకు ప్రాతినిధ్యం వహించే పార్లమెంటు సభ్యులకు యీ విషయం వదలడంలో ( Constitutional Propriety ) ని గూడా దృష్టిలో ఉంచుకొన్న వారమవుతాము. అందుకనే కాబోలు రాజప్రముఖుని అడ్రసులో యీ విషయాన్ని పొందుపాటు చేయలేదనుకుంటాను—

ఇక రాజప్రముఖుని గురించి చెబుతాను. ఈ విషయం కూడా రాజప్రముఖుని అడ్రస్‌లో ఏమీ చెప్పబడలేదని ఆటంకము తెలుపుతున్నారు. అసలు రాజప్రముఖుకు వారికి ఉన్న ఘర్షణ పరసనల్ ( personal ) అని నేను అనుకొనజాలను. పోతే రాజప్రముఖ్ ( Institution,

Federal Relics ) యొక్క భాగం కాబట్టి పోవాలంటారా, ఏవిధంగా క్రమేణా మిగతా కొన్ని ( Relics ) నిర్మూలించ బడుతున్నాయో, అదేవిధంగా ఇది జరగవచ్చు. (Abolition of Cash grants, Replacement of O.S. Currency, by I. G. Currency Enfranchisement of Inams, etc., Federal Relics) తొలగించడమే కదా! అలా కాక రాజప్రముఖ్ రాజ్యాంగ చట్టములో ఒక భాగమనుకొంటారా, చట్టాన్ని మార్పించేందుకై మనకు సంబంధించిన పార్లమెంటు సభ్యులను కోరు కోవాలి. అందాకా రాజప్రముఖ్ ( Institution ) పట్ల తగు గౌరవం చూపించక తప్పదు. వీటన్నిటి దృష్ట్యానే రాజప్రముఖ్ అడ్రెస్‌లో దీని ప్రసక్తి లేదు. అది ఉచితం కూడాను—

( Economic Policies ) స్పష్టంగా లేదని ఒక ఆరోపణ చేయబడింది. ( Land Reforms Bill ) ప్రవేశ పెట్టబోతున్నారు. అది చూస్తే ఒక విషయం స్పష్ట మౌతుంది. ఆర్థిక రంగంలో సమానత్వం తెచ్చేటప్పుడు మధ్యతరగతివారి అవసరాలు, వారి బీదతనం కూడా దృష్టిలో ఉంచుకుంటూ, ( Land to the tiller ) అనే నినాదాన్ని కార్య రూపంలో పెడుతున్నారనేది తెలుస్తుంది. ఈ జాగరూకత లేక పోతే చైతన్య వంతులౌతున్న లేబరు సంఘటితమై తమ అవసరాలు పూర్తి చేసుకోవడం, చైతన్యవంతులైనా, స్వభావ సిద్ధంగా ( organise ) కాలేని మధ్యతరగతివారు హీనస్థితి చెంది, దేశము యొక్క ( Economic Structure ) అంతా దెబ్బ తినే ఒక వాతావరణము ఏర్పడుతుంది. ఈ స్థితి రాకుండా ప్రభుత్వం వ్యవహరించ నున్నదని రాజ ప్రముఖ్ సందేశం చదివితే బోధ పడుతుంది.

( State Finance Corporation ) ఏర్పాటు చేయబడుతున్నది. అంటే ( Private enterprises ) కి ( Corporation ) ద్వారాను, తదితర విధంగానూ యింకా అవకాశాలున్నవి అన్నమాట. ( Key industries ) తదితర విష యాల పట్ల, ( G.O.I. ) వారి వైఖరే యీ సందేశంలో ఉందని వేరుగా చెప్ప నక్కర లేదు.

ఇక ( Educational Policies ) విషయంలో ( University Education ) బనారసు, ఢిల్లీ, అలిగఢ్ తో పాటే ఉస్మానియా యూనివర్శిటీ ఉంటుందని ( Leader of the House ) లోగా చెప్పనే చెప్పారు. ఈ సందర్భంలో చాలా రోజులనుంచి చెప్పాలన కొంటున్న ఒక్క విషయం చెపుతాను. అదేమంటే, ఉస్మానియా యూనివర్శిటీ సమస్య ( Academic Level ) నుంచి ( Political level ) కి తేవడంలో చాలా చిక్కులు ఏర్పడినవి. అది ( Academic Level ) లోనే ఉంటే హిందీ ( Second language ) గా యుంచాలా, ( Medium of Instruction ) గా ఉంచాలా అనే సమస్య ఒక్కటే ప్రాధాన్యం వహించేది. దానిని ( Educational Experts ) పరిష్కరించే వారు. కాని అలా కాక పోవడంతో ఏర్పడిన అసాధారణ వాతావరణం వల్ల యూనివర్శిటీ ( Autonomous body ) గా గుర్తించ బడింది. ఇప్పటికైనా యీసమస్యను ( Acadamic level ) లోనే ఉంచితే మంచిది.

( Secondary Education Policy ) నూతనంగా భారత ప్రభుత్వం ఏర్పాటు చేసిన కమిటీ విచారణ దాని రిపోర్టుపై ఉంటుందని చెప్పబడింది. ( Primary Education ) పాలసీ విషయంలో ఎవరికీ భేదాభిప్రాయం లేదు. అది తొందరగా స్టేటు అంతా రాలేదనే ఆరోపణ తప్పు. అది ( Resources ) పై ఆధారపడిన సమస్య. ( Resources ) పెరిగిన కొలదీ ముందంజ వేయవచ్చని చెప్పుతూ, మధ్యలో మీకు చికాకు కలిగి నందుకు క్షమించమని కోరుతున్నాను.

**شری مخدوم محی الدین** (حضور نگر ) ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ اس ایوان کے سامنے راج پرمکھ صاحب کا جو اڈریس پیش ہوا ہے اس پر بہت سے معزز ارکان نے اپنی رائے کا اظہار کیا ہے ۔ میں بھی مختصر طور پر اپنے خیالات کا اظہار کروں گا کیونکہ میرے لئے صرف پندرہ منٹ رہگئے ہیں۔ میں یہ سمجھ رہا تھا اور جائز طورپر سمجھ رہا تھا کہ راج پرمکھ کا جو خطبہ ہوگا وہ حکومت حیدرآباد کی پالسی کا آئینہدار ہوگا اور ہم یہ بھی توقع کر رہے تھے کہ ریاست میں آج عوام کی جو حالت ہے عوام آج جن مسائل سے دوچار ہیں ان کا اس خطبہ میں جائزہ لیا جائے گا ۔ کیونکہ جب تک ان مسائل کا جائزہ نہ لیا جائے آئندہ کے پروگرام کا تعین مشکل ہوگا مگر مجھے بیحد مایوسی ہوئی کہ راج پرمکھ صاحب کا جو اڈریس ہے وہ اوس رپورٹ کا جو ہمیں سنائی کی گئی ہے ایک چھوٹا سا حصہ ہے ۔ کل ان ہی باتوں کو ہمارے معزز رکن جنہوں نے راج پرمکھ کا شکریہ ادا کرنے کی قرار داد کے سلسلہ میں تقریر فرمائی تیسری مرتبہ دھرایا لیکن انہوں نے ایسی چیزوں کو دھرایا جنہیں سن کر ہمارے معلومات میں کوئی اضافہ نہیں ہوا اور کیسے ہو سکتا ہے جب کہ کہی ہوئی باتوں کو چباچبا کر دھرایا جائے ۔

اوس وقت کی کابینہ پر نو کا نفیڈنس موشن ( No Confidence Motion ) جو پیش کیا گیا تھا اور اس سلسلہ میں جن باتوں کا اظہار کیا گیا تھا اور اس کے بچاؤ کے لئے اوس طرف کے وزراء اور معزز ارکان نے جو دلائل پیش کئے تھے وہ اون تمام باتوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ وہ پرستاؤ ( प्रस्ताव ) یا رزولیوشن جو پیش کیا گیا تھا اتنا حاوی ہے اور اس قابل ہے کہ اس کو پیش نظر رکھا جائے چنانچہ راج پرمکھ صاحب نے یہ سمجھکر کہ سارے عوام اور اپوزیشن کے سارے ارکان حکومت کے یکسالہ کار ناموں سے واقف ہوں محض اس نکتہ نگاہ سے انہوں نے اپنے کار ناموں کی فہرست پیش کی ہے بشرطیکہ یہ کار نامے کہلائے جاسکیں ۔ اس کو ملحوظ نہیں رکھا گیا کہ حالات کا تقاضہ کیا ہے ۔ عوام کی ضروریات کیا ہیں ۔ عوام اس خطبے سے مایوس ہیں ۔ حیدرآباد کے کیا حالات ہیں ان کا بار بار ہم نے ذکر کیا ہے ۔ حکومت کے علم میں تمام چیزیں لائی گئی ہیں ۔ مرہٹواڑی میں حالانکہ قحط کے آثار ہیں اس کو اسکیرسٹی ( Scarcity ) سے تعبیر کیا گیا ہے ۔ نہ صرف مرہٹواڑی میں بلکہ ریاست کے دوسرے اضلاع میں بھی یہی حالات ہیں ۔ تلنگانہ بھی ان ہی حالات سے دوچار ہے ۔ چنانچہ ورنگل میں ایسے کئی واقعات پیش آئے ہیں ۔ پالونچہ ۔ نلگنڈہ اور دوسرے کئی مقامات میں قحط کے آثار ہیں ۔

حکومت کے علم میں یہ با تیں لائی گئی ہیں وہاں جانور مر رہے ہیں چارہ نہیں مل رہا ہے اور انسانوں کے لئے غذا میسر نہیں ہے۔ میں خود ان واقعات کا ذاتی طور پر مشاہدہ کر چکا ہوں اور آنے جانے والوں سے بھی ایسی خبریں مل رہی ہیں ۔ خاص طور پر تلنگانہ میں بعض مقامات ایسے ہیں جہاں غذائی اجناس دستیاب نہیں ہورہی ہیں ۔ پانی میسر نہیں آرہا ہے۔ جانوروں کے لئے چارہ نہیں ہے ۔ کئی عورتیں بچے مرد ایسے ہیں جنہیں بھوکا سونا پڑتا ہے ۔ دوسری چیز یہ کہ بعض مقامات پر اب صرف ایک مہینہ کا چاول یا جوار باقی ہے ۔ دیہات کی آبادی کے سامنے یہ ایک اہم سوال بنا ہوا ہے کہ ایک مہینے کے بعد کیا کریں گے ۔ کہا جاتا ہے کہ کاشت کاروں کے پاس اناج نہیں ہے تو وہ بازار سے خریدیں گے لیکن کیسے خریدیں گے؟ پیسہ ہونا ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ پیسہ کہاں سے آئے ۔ قرض لینا پڑیگا ۔ مگر غور طلب ہے کہ قرض کسے ملتا ہے؟ کون قرض دیگا ؟ بہر حال غذا کا مسئلہ بہت بھیانک شکل اختیار کر گیا انسان کی ضروریات میں سب سے اہم غذا کا مسئلہ ہے اور راج پرمکھ نے اس مسئلہ کو اپنے اڈریس میں انتہائی ٹیڑھے پن سے نظر انداز کردیا گیا ہے ایسے مسئلہ کو نظر انداز کردیا گیا ہے جس سے ایک کروڑ ۲۰ لاکھ انسانوں کی زندگی اور موت کا سوال ہے ۔ مزدوروں ۔ درمیانی طبقہ اور ملازمین سرکار کی زندگی کن مشکلات سے گزر رہی ہے اس کا اندازہ نہیں کیا گیا ہے ۔ کتنی گرانی ہے ۔ کتنی بیروزگاری ہے ۔ کتنے کارخانے بند ہورہے ہیں ۔مزدوروں پرکام کا کتنا بوجھ بڑھ گیا ہے ۔ کتنے لوگ بے گھر ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں ان تمام مسائل پرایک جمہوری حکومت کو بشرطیکہ وہ جمہوری حکومت ہو غور کرنا چاہئے مگر افسوس کہ راج پرمکھ نے جو اڈریس دیا ہے اس میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے ۔

اڈریس میں بتایا گیا ہے کہ ڈی کنٹرول ( Decontrol ) کی پالیسی کی وجہ سے قیمتوں میں کمی ہورہی ہے ۔ یہ رجحان صحیح نہیں ہے کہ قیمتیں گھٹ رہی ہیں ۔ میرے پاس حکومت حیدرآباد کے دئے ہوئے اعداد و شمار ہیں ۔ اگر وہ میں پیش کروں تو معلوم ہوگا کہ کاسٹ آف لیونگ انڈکس ( Cost of living index ) بڑھ گیا ہے ۔ حکومت کے دئے ہوئے اعداد و شمار اسکے شاہد ہیں ۔ مثال کے طور پر میں کہونگا کہ مارچ اور اپریل کا مہینہ ایسا ہے جبکہ ہندوستان کے اندر سلمپ (Slump) آیا ہے ۔ خاص طور پر ایسے ممالک میں جہاں جنگ کی تیاریاں ہورہی ہیں ۔ مارچ میں جملہ غذائی اجناس کا انڈکس (۳۳۲-۳۵-۳۳۹-۳۳) تھا اور سپٹمبر میں (۳۸۳-۴۹۲-۴) ہوا اور اسکے بعد بڑھتے بڑھتے (۳۱۴-۳۸۴-۱۳) تک پہنچ گیا ۔ بحیثیت مجموعی قیمتیں بڑھ گئی ہیں ۔ جنرل انڈکس ( General index ) بڑھ گیا ہے ۔ ٹریژری بنچس کے آنریبل ممبرس کا یہ کہنا کہ قیمتیں گھٹ رہی ہیں صحیح نہیں ہے ۔ اگر حکومت کی یہی پالیسی رہے تو عوام کی فلاح و بہبود کے سامان مہیا نہ ہوسکینگے ۔ آج جبکہ دنیا بڑے سنکھٹ ( ) سے گزر رہی ہے کسان بھی بڑی مصیبت میں مبتلا ہیں ۔

حکومت کو اسکا خیال کرنا چاھئے کہ قیمتوں میں اضافہ نہو - بیروزگاری بڑھتی جا رھی ھے - مزدوروں سے زائد کام لیا جا رھا ھے - اسکے ساتھ ساتھ کاسٹ آف لیونگ انڈکس بڑھتا جا رھا ھے جو فبروری میں (۱۰۰) تھا تو اپریل سنہ ۵۲ع میں (۱۶۳) ھوگیا - اسیطرح ملازم پیشہ طبقہ کی حالت بھی بری ھے - ان حالات کو پیش نظر رکھتے ھوئے گورنمنٹ نے اپنی کسی ایسی پالسی کا تذکرہ نہیں کیا جن سے یہ مسائل حل ھوسکے - برخلاف اسکے انڈسٹریز کے تعلق سے ایسی پالیسی حکومت نے اختیار کی ھے جس سے قومی دولت میں اضافہ نہیں ھوسکتا -

سرسلک اور سربور ملز کے بارے میں خاص طور پر ھندوستان کے چوٹی کے منا پاسٹ ( Monopolists ) کیاپٹلسٹ ( Capitalists ) اجارہ دار برلا کو دینے کا جو فیصلہ کیا گیا ھے وہ سراسر غلط ھے اور عوام کے مفادات کے خلاف ھے - ایسے لوگوں کے ھاتھوں میں یہاں کی صنعتوں کو دیکر ایک ایسی فضا تیار کیجا رھی ھے جس سے باھر کے کیاپٹلسٹس ( Capitalists ) کے ھاتھ میں ھماری صنعتیں چلی جائیں -

آلوین مٹل ورکس - تاج گلاس ورکس - تاج کلے ورکس کے بارے میں میں یہ کہونگا کہ آلوین مٹل ورکس کا (۷۲) لاکھ کا کیاپٹل ضائع ھوا ھے - چار ھزار مزدوروں کی بجائے اسوقت نو سو مزدور کام کررھے ھیں - اسکے باوجود راج پرمکھ صاحب نے بڑے فخر کے ساتھ کہا ھے کہ ھمارا کیاپٹل ( Capital ) بڑھ رھا ھے - وہ جانتے نہیں ھیں کہ کارخانے کسطرح چل رھے ھیں اور کتنے کارخانے ایسے ھیں جنکی تالہ بندی کی نوبت آچکی ھے - عثمان شاھی اور اعظم جاھی ملز کا ذکر کیا گیا ھے کہ یہاں کی پیداوار بڑھ رھی ھے مال زیادہ بن رھا ھے - پیداوار کیسے نہیں بڑھیگی اور مال کیوں زیادہ نہیں بنیگا جبکہ ایک ایک مزدور کو دو دو سانچوں کی بجائے چار چار سانچے چلانے پر مجبور کیا جاتا ھے ؟ مزدور پر کام کا بوجھ تو بڑھ رھا ھے لیکن اسکی آمدنی میں کوئی اضافہ نہیں ھوا - اسکی مالی مشکلات میں کوئی کمی نہیں ھوئی -

ھٹی گولڈ مائنس کا بھی یہی حال ھے - پہلے نو سو اونس سونا نکلتا تھا اب گیارہ سو اونس نکلتا ھے - مزدور اتنے ھی ھیں لیکن پروڈکشن بڑھنے کی وجہ یہ ھے کہ انٹنسٹی آف ورک ( Intensity of work ) بڑھگیا ھے مگر افسوس ھے کہ راج پرمکھ صاحب نے یہ نہیں بتایا - ایک طرف تو مزدور پر کام کا بوجھ بڑھ رھا ھے اور دوسری طرف یہ کہ انکے ضروریات زندگی پوری نہیں ھورھی ھیں - جب انکے بونس ( Bonus ) کا سوال آتا ھے تو حکومت انکو نوٹس دیتی ھے - بونس نہیں دیا جاتا - ایسی صورتوں میں وہ ھڑتالیں نہ کریں تو کیا کریں ؟ آنربل ممبرس جانتے ھیں کہ آج مزدوروں کی کیا حالت ھے - ان مزدوروں کا ھوزنگ کنڈیشن ( Housing condition ) کیا ھے ؟ ھوزنگ اسکیم ( Housing scheme ) کا ذکر کیا گیا ھے کہ حیدرآباد میں

دس هزار مزدوروں کیلئے مکان تعمیر کئے جائینگے اور جن مزدوروں کو مکانات دئے جائینگے اون سے دس فیصد کرایہ مکان لیا جائیگا یعنی جس مزدور کو سو روپیہ ملتے هیں اسکو دس روپیہ کرایہ دینا پڑیگا ۔ لیکن میں آپکو بتاؤں کہ یہاں کا مزدور اس قابل نہیں هے کہ وہ دس فیصد کرایہ ادا کرسکے ۔

هٹی کے مزدوروں کا مسئلہ جسکی وجہ سے اتنی بدنامی هوئی اتنی تباهی هوئی کیا هے ؟ هٹی کا واقعہ اس حکومت کے ماتھے پر ایک بدنما داغ هے ۔ غور کرنے کی بات هے کہ (۹ فٹ - ۱۳ فٹ) کا ایک کمرہ هے جو ان مزدوروں کو دبا گیا هے اس میں (۲۶) آدمی رهتے هیں ۔ ایک ایک کمرے میں سات سات فیمایز ( Families ) رهتی هیں جنھیں کیو ( Queue ) بنا کر ایک چولھے پر پکانا پڑتا هے ۔ اتنی بڑی فیملی بیوی بچوں کو لکر ایک غریب مزدور اس جہنم کے کونے میں گزارتا هے ۔ یہی وہ وجوهات هیں جن پر کئی دنوں تک هڑتال هوئی ۔ هاؤس کے سامنے ان چیزوں کو لایا گیا هے ۔ کتنا اکیوٹ ( Acute ) سوال هے ؟ اسبارے میں حکومت حیدرآباد نے کوئی اسٹیٹمنٹ ( Statement ) نہیں دیا اور نہ راج پرمکھ صاحب نے اسکا کوئی ذکر کیا ۔ همیں یہ دیکھکر مایوسی هوتی هے کہ ایسے مسائل کے بارے میں کچھ نہیں کہا گیا ۔ مزدوروں کے بارے میں کسی پالیسی کا اظہار نہیں کیا گیا کہ انکے مسائل کے حل کی بھی کوئی صورت نکالی جائیگی یا نہیں ۔ یہاں وهی پرانی چال چلی جارهی هے ۔

وی ۔ وی ۔ گری صاحب نے جو سنٹرل گورنمنٹ کے وزیر هیں کہا تھا کہ تمام کارخانوں میں ایک ایک یونین هونی چاهئے ۔ دوسرے صوبوں کے مقابلہ میں یہاں کی حالت قابل افسوس هے ۔ یہاں یونین هے تو ایسی هے جو نمائندہ یونین هے ۔ اسکے ذریعہ کلکٹیو بارگیننگ ( Collective bargaining ) کیجاتی هے ۔ کارخانے کا مالک ان سے بات تک نہیں کرتا ۔ جو مالک کارخانہ خلاف ورزیاں کرتے هیں پولس انہیں تو نہیں پوچھتی الٹے مزدوروں کو پکڑتی هے ۔زندہ طلسمات کے کارخانہ دار پر کیس ( Case ) نہیں چلایا جاتا ۔ وہ قوانین کی خلاف ورزی کرتا هے ۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کو نوکر رکھتا هے اسکے خلاف مقدمات نہیں چلائے جاتے ۔ هاں مزدوروں کو گرفتار کیا جاتا هے ۔ ان پر مقدمے چلائے جاتے هیں ۔ مزدوروں کے بارے میں آپکی حکومت کی یہ پالیسی هے ۔ ان باتوں پر توجہ نہ کر کے راج پرمکھ نے اپنے کارناموں کی تفصیل سنائی هے ۔ ۳-۴ سپٹمبر کی پولس فائیرنگ ( Police firing ) کا ذکر انہوں نے اپنے خطبے میں نہیں کیا جسمیں معصوم بچوں کو گولیوں کا نشانہ بنایا گیا ۔ فائرنگ سے متعلق تحقیقاتی کمیشن نے جو رپورٹ گورنمنٹ کے آگے پیش کی هے انکو عوام جاننا چاهتے هیں ۔ آخر عوام کے بیانات لئے گئے وکلاء نے پیروی کی اسکا نتیجہ کیا نکلا ؟ عوام نے اخبارات کے ذریعہ مطالبہ کیا کہ وہ فیصلہ عوام کے آگے رکھا جائے ۔ اگر گورنمنٹ سے غلطی هوئی هے تو اسکا اظہار بلا کسی جھجک کے کردینا چاهئے اور گورنمنٹ کو معافی چاهنی چاهئے ۔ لیکن

اب تک یہ نہیں بتایا گیا کہ کیا فیصلہ ہوا - حتی کہ راج پرمکھ کا اڈریس بھی اس خونین داستان کے بیان کرنے سے قاصر رہا -

حکومت نے یہ بھی کہا تھا کہ حالات درست ہونے پر وہ جمہوری طریقے رائج کریگی - حکومت نے یہ کہا تھا کہ ہم حالات درست ہونے پر ایک عام جمہوری طریقہ پر ڈٹینیوز کو رہا کرینگے - یہ صحیح بات ہے کہ آج چار ڈٹینیوز ( Detenus ) کو رہا کرنیکا آپ اعلان کررہے ہیں - لیکن ایک طرف تو یہ کہا جارہا ہے کہ ہم انکو رہا کرینگے لیکن اسیوقت دوسری طرف اکثر مقامات پر جہاں کسان اور مزدور کام کرتے ہیں وہاں کام کرنے والے ٹریڈ یونین کے لوگوں کو کام کرنا مشکل بنایا جارہا ہے - محبوب نگر میں کوئی لوگ ڈا کے ڈال رہے ہیں لیکن کمیونسٹوں کو یہ کہکر کہ وہی ڈاکہ ڈال رہے ہیں گرفتار کیا جارہا ہے - حضور نگر میں پچاسوں ایسے کیسس ہیں کہ دفعہ ۱۱۰ کے تحت کسان اور کارکنوں کو گرفتار کر کے جیلوں میں ڈالا جارہا ہے رامائن نگر میں لوگوں کو پکڑ کر بند کیا جارہا ہے اسمیں موجودہ اسمبلی کے بھی کچھ ممبران ہیں جنکو پکڑ کر ان پر مقدمہ چلائے جارہے ہیں - کچھ سال پہلے جن لوگوں کو ایک جرم کے چارج میں پکڑ کر گرفتار کیا گیا تھا انکو پھر سے اسی جرم کے لئے پکڑا جارہا ہے اور ان پر کیسس چلائے جارہے ہیں ایسے لوگ ہیں جو ہمارے ساتھی ہیں جنکو ایک وقت جیل کے اندر بند کر کے رکھا گیا تھا لیکن پولس ان پر کیسس نہیں چلاسکتی تھی اسلئے رہا کیا گیا تھا انکو اب آرمس ایکٹ کے تحت پکڑ کر انکے عوامی کاروبار اور تنظیم میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کی جارہی ہے - میں نے یہ دیکھا کہ ایک نئی بات یہاں پر پیدا ہورہی ہے یہاں ایک طرف عوام کی طاقت بڑھ رہی ہے وہاں پولس کا تشدد جاری ہے میں حکومت کی توجہ اس بات کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اگر وہ سچ مچ جمہوریت کے طریقہ پر کاروبار چلانا چاہتے ہیں تو اسے ان لوگوں پر چلائے جانے والے کیسس کو واپس لینا چاہئے - اور انکے وارنٹس ( Warrants ) کو بھی واپس لینا چاہئے - اسکو اپنی ریپریشن ( Repression ) کی پالیسی کو چھوڑ دینا چاہئے - یہ جو سنکٹ (संकट) ہے اسکو دبانے کا یہ طریقہ نہیں ہے - آپ عوامی تنظیم کے کاریہ کرتاؤں کو ( कार्यकरताओंको ) کیسس میں پھنسا کر اپنے مسائل حل کرنیکی کوشش کرینگے تو وہ ممکن نہیں ہے - آپ اس پالسی کو چھوڑ دیجئے - لوگوں کو کیسس میں ڈالکر جیلوں کے اندر بند کر کے آپ سنکٹ کو دور نہیں کرسکتے - میں یہ توقع کرتا ہوں کہ حکومت اس پر غور کر کے عام معافی کا اعلان کریگی - آج لوگ بیگناہ گرفتار ہورہے ہیں تشدد بڑھتا جارہا ہے ٹارچرس ( Torchers ) ہورہے ہیں - پولس کے ذریعہ بیرحمی سے ستایا جارہا ہے - مارا اور پیٹا جارہا ہے - جہاں ڈاکو ڈا کے ڈال رہے ہیں وہاں کمیونسٹوں کو ڈا کے ڈالنے کے الزام میں مارا اور پیٹا جارہا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ حکومت اپنی اس پالیسی میں تبدیلی کریگی - ہر تنظیم کو اپنا کام کرنیکا پورا اختیار ہونا چاہئے -

6

آخر میں میں ایک بات عرض کرونگا جو کہ کائنیج ( Coinage ) کے سلسلہ میں ہے - ....... ( Bell )

ٹائم ختم ہونیکی گھنٹی بجی صرف ۲ منٹ میں میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - حالی سکہ جا کر یہاں اب جلد ہی کلدار سکہ چلنے والا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ اسکی وجہ سے جاگیر شاہی رکاوٹیں تھیں اور ہندوستان کے مارکٹوں اور بازاروں کو اکھٹا کرنے میں جو دقتیں تھیں وہ دور ہونگی - اسلئے یہ ماننا پڑیگا کہ یہ ایک بہت ہی مناسب قدم حیدرآباد کی حکومت کے طرف سے اٹھایا جا رہا ہے لیکن ساتھ ساتھ مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ اسکی وجہ سے عارضی طورپر قیمتیں بڑھینگی - وہ کتنی بڑھینگی یہ نہیں کہا جاسکتا اب جو ۱۶-۱۰۰-۸ جو بٹاون کا بہاؤ ہے اتنی تو قیمتیں نہیں بڑھینگی ایسا لوگوں کا خیال ہے - لیکن اندازہ ہے کہ ۱۰ یا ۱۱ فیصدی قیمتیں ضرور بڑھینگی - اس تبدیلی کیوجہ سے جو ہول سیل ڈیلرس ( Whole-sale dealers ) ہیں انکی قیمتوں میں زیادہ فرق نہیں پڑیگا لیکن جو رٹیل ڈیلرس ( Retail dealers ) ہیں اور جو چھوٹے سکوں میں لین دین کرتے ہیں ان پر اسکا بہت بڑا اثر ہونیکا ڈر ہے - جو غریب طبقہ کے لوگ ہیں خاصکر چھوٹا بیوپار کرنے والے یا چھوٹی تنخواہ پانے والے ان پر اسکی بہت بڑی مار آنیوالی ہے - مثال کے طور پر ترکاری خریدنے کا سوال لیجئے - ترکاری بیچنے والے کو تین پیسے کی ترکاری دینی پڑتی ہے - پان والے کو تین پیسے میں پان دینا پڑتا ہے - اس طرح سے روزمرہ کی زندگی کیلئے نہایت ضروری چیزیں جیسے کہ نمک مرچ آٹا دال وغیرہ ان کے خریدنے میں غریب لوگوں پر بڑی مصیبت پڑنے والی ہے - اگر چھوٹے سکہ میں بھی تبدیلی کیجاے تو غریبوں کو بہت تکالیف اٹھانا کا اندیشہ ہے - ہم چاہتے ہیں کہ حکومت اس بارے میں اپنی پالیسی ظاہر کردے - ہماری توقع تھی کہ فینانس منسٹر صاحب اس بارے میں کچھ روشنی ڈالینگے لیکن انکے اسٹیٹمنٹ میں کچھ بھی نہیں کہا گیا - میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلہ میں حکومت اپنی پالسی کا اعلان کریگی - ہمارا اندازہ ہے کہ قیمتیں حالی کی جگہ کلدار ہونے سے اتنی زیادہ نہیں بڑھینگی لیکن یہ بھی نہیں ہے کہ جتنی قیمتیں آج ہیں اتنی ہی رہینگی - جو چھوٹے سکوں کا استعمال کرنے والے لوگ ہیں ان پر اسکا بوجھ پڑنے والا ہے اسلئے جو لوپیڈ ( Low paid ) اسٹاف ہے یعنی جو ۱۵۰ روپیے تک تنخواہ پاتے ہیں انکے بارے میں سنٹ پرسنٹ نیوٹرالائزیشن ( Cent per cent neutralisation ) ہونا چاہئے - جنکو ۱۰۰ یا ڈیڑھ سو روپیہ حالی ملتا ہے انکو اتنا ہی کلدار ملنا چاہئے - اور اسکے اوپر تنخواہ پانے والوں کیلئے دس پرسنٹ تک نیوٹرالائزیشن کیا جاسکتا ہے - ہمارے مارکٹوں میں اسٹابلٹی (Stability) آنے تک چھوٹے سکوں کا چلن جاری رکھنا چاہئے - حالانکہ اسمیں بتایا گیا ہے کہ دھیرے دھیرے سکہ میں تبدیلی کیجائیگی - اور ایک سال تک لوگ حالی سکہ واپس کرسکینگے - لیکن اسکے بارے میں کوئی مقررہ تاریخ طے نہیں کیگئی ہے - بہت

سی باتیں عرض کرنی ہیں ۔ لیکن وہ میں بجٹ کے موقع پر کہونگا ۔ ایک بات آخر میں یہ کہنی پڑتی ہے کہ اس اڈریس کو دیکھکر مجھے بڑی مایوسی ہوئی ہے ۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ حکومت موجودہ حالات سے بے خبر ہے ۔ اس سے یہ اندیشہ ہوتا ہے کہ عوام کی جو ضروریات ہیں کھانے پینے روٹی کپڑے کی ۔ اسکی خبر آخر حکومت کو ہے یا نہیں ؟ میں جانتا ہوں کہ یہ چیزیں ایسی ہیں جنکے بارے میں بجٹ کے وقت بات چیت ہو سکتی ہے لیکن عوام کی جو ضروریات ہیں ان پر اس خطبہ میں کسی قسم کی روشنی نہیں ڈالی گئی ہے اور عوام کو امیجیٹ ریلیف ( Immediate relief ) دینے کے بارے میں کانگریس نے جو وعدے کئے تھے انکو بھی پورا نہیں کیا گیا ہے ۔ اور انکے بارے میں بھی کوئی روشنی اسمیں نہیں ڈالی گئی ہے ۔

مسٹر ڈپٹی اسپیکر :- اب ہاؤس اڈجرن ہوتا ہے ہم پانچ بجکر دس منٹ پر ملینگے ۔

The House re-assembled after recess at ten minutes past Five of the Clock.

[Mr. Speaker in the Chair.]

*Mr. Speaker* : We shall now take up the amendments.

*Shri Ankush Rao Ghare* : I beg to move that at the end of the Motion the following be added, namely,

" But regret to note that the Government has not completed the task of bringing the ex-Jagir villages on par with the Diwani villages ; and the grant of 25 % relief in assessment has not been given uniformly in respect of all such ex-jagir villages ".

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be moved ; namely,

' But regret to note that the Government has not completed the task of bringing the ex-jagir villages on par with the Diwani villages ; and the grant of 25 % relief in assessment has not been given uniformly in respect of all such ex-jagir villages '.

*Shri Viswas Rao Patel* : Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added namely,

'But regret that the amount sanctioned by the Government for relief work in some parts of the State in general and in Marathwada in particular has been very meagre and inadequate compared to the gravity of the situation'.

*Mr. Speaker :* Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the amount sanctioned by the Government for relief work in some parts of the State in general and in Marathwada in particular has been very meagre and inadequate compared to the gravity of the situation'.

*Shri Viswas Rao Patel :* Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added namely,

'But regret that adequate steps have not been taken by the Government to eradicate corruption in public service"

*Mr. Speaker :* Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that adequate steps have not been taken by the Government to eradicate corruption in public service'.

*Shri Bhagwanrao Boralkar :* Sir, I beg to move :

" That the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that in spite of the declared policy of the Government to make primary education free and compulsory in State no provision has been created to realise this idea'.

*Mr. Speaker :* Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that in spite of the declared policy of the Government to make primary education free and compulsory in State no provision has been created to realise this idea'.

**Shri U. K. Nagaiah :* Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret to note that the Government has been callously silent over the growing miseries of the scheduled tribes without envisaging any measures for their social and economic betterment '.

*Mr. Speaker :* Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret to note that the Government has been callously silent over the growing miseries of the scheduled tribes without envisaging any measures for their social and economic betterment '.

*Shri Makhdoom Mohiuddin :* Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that the address does not lay down adequate policy regarding the working class and it does not suggest any plan as to fixing up of basic wage, linking up of dearness allowance with index number, providing bonus and other social security measures, recognition of unions and adequate housing, and, in general, provisions to meet unemployment consequent to schemes of rationalisation '.

*Mr. Speaker :* Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that the address does not lay down adequate policy regarding the working class and it does not suggest any plan as to fixing up of basic wage, linking up of dearness allowance with index number, providing bonus fund and other social security measures, recognition of unions and adequate housing and, in general, provisions to meet unemployment consequent to schemes of rationalisation. "

* As the hon. Member could not read the amendment in English standing in his name, hon. the Speaker read the amendment for him.

*Mr. Speaker:* The next amendment, standing in the name of Shri S. Ramanadhan, need not be moved as it is practically the same as amendment No. 6, moved by Shri Makhdoom Mohiuddin.

(Amendment No. 7 not moved).

*Shri V. D. Deshpande:* I beg to move:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the working of the five-year plan does not really industrialise Hyderabad and give fillip to agriculture as to solve the problem of poverty, hunger and unemployment'.

*Mr. Speaker:* Amendment moved:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the working of the five-year plan does not really industrialise Hyderabad and give fillip to agriculture as to solve the problem of poverty, hunger and unemployment'.

*Shri V. D. Deshpande:* I beg to move:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the proposed conversion of Osmania University to the Centre is not as yet abandoned and no policy is laid down to constitute it as providing for the University Education in all the major languages of the State'.

*Mr. Speaker:* Amendment moved:

"That at the end of the Motion the following be added namely,

'But regret that the proposed conversion of Osmania University to the Centre is not as yet abandoned and no policy is laid to constitute it as providing for the University Education in all the major languages of the State',

*Shri Makhdoom Mohiuddin* : Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that the policy of the Government regarding development of industries is unhelpful, inadequate and inefficient inasmuch as (*a*) the Government-run-industries are not run with efficiency and due regard to the welfare of the workers ; (*b*) no adequate fillip is given to local industries and the existing managing agencies are being transferred to monopolists ; and (*c*) there is no basic plan of industrialisation '.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that the policy of the Government regarding development of industries is unhelpful, inadequate and inefficient inasmuch as (*a*) the Government-run-industries are not run with efficiency and due regard to the welfare of the workers ; (*b*) no adequate fillip is given to local industries and the existing managing agencies are being transferred to monopolists ; and (*c*) there is no basic plan of industrialisation '.

*Shri Makhdoom Mohiuddin* : Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that no concrete steps are being contemplated to arrest the growing unemployment in the State to provide work or relief to those who are already unemployed '.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that no concrete steps are being contemplated to arrest the growing unemployment in the State to provide work or relief to those who are already unemployed '.

(۱۰) شری گوپڈی گنگا ریڈی - میں حسب ذیل ترمیم نواسیکر صاحب کے پیش شدہ شکریہ کے پرستاؤ میں پیش کرنا چاھتا ھوں ۔

''حسب ذیل جملے درستاؤ کے آخر میں بڑھاناچاھتا ھوں ۔

لیکن افسوس کی بات ھے کہ منتخبہ میونسبل باڈیوں میں نامزدگی کے اصولوں کی متعدد بار اور شدید مخالفت کے باوجود حکومت نے اس جانب اپنی پالیسی کی تبدیلی کا ذکر نہیں کیا ۔ اور گوکہ گرام پنچایتوں کو اپنے کارو بار انجام دینے کا کام سونپا گیا ھے لیکن حکومت کی جانب سے مناسب مالی امداد اور ھدایات نہیں ملتے جس کی وجہ سے وہ کم وبیش معطل ھوگئے ھیں ۔

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" But regret to note that in spite of vehemant and emphatic protest to the principle of nomination of members to the elected local bodies Government have not shown any change of policy in this direction. That though the village panchayats have been entrusted with the work of local affairs due to lack of financial help and proper direction from the Government, they have more or less become defunct. "

(*Shri G. Rajaram*: Mover of amendment No. 11, was found absent in the House and so the amendment standing in his name was not moved.)

(*Shri Sham Rao Naik*: Mover of amendment No. 12, was found absent in the House, and so the amendment standing in his name was not moved.)

*Shri Ch. Venkat Ram Rao* : I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that adequate steps have not been taken for the repatriation of the Police forces who are here on deputation and that no mention has been made of the repatriation of the officers in the various Government Departments'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved.

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that adequate steps have not been taken for the repatriation of the Police forces who are here on deputation and that no mention has been made of the repatriation of the officers in the various Government Departments'.

*Shri K. Ramachandra Reddy* : Sir, I beg to move :

"That at the end of the Motion the following be added, namely,-

'But regret that effective steps have not been taken to stop immediately the eviction of tenants from lands which is going on on large scale'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved.

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that effective steps have not been taken to stop immediately the eviction of tenants from lands which is going on on large scale'.

*Shri K. Ramachandra Reddy* : Sir, I beg to move :

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret to note that the special laoni rules prevalent are quite inadequate'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret to note that the special laoni rules prevalent are quite inadequate'.

*Mr. Speaker* : Amendment No. 16, standing in the name of Shri Vaman Rao Deshmukh, is practically the same as amendment No. 2, moved by Shri Viswasrao Patel. This amendment need not therefore be moved.

*Shri Uddhav Rao Patil* : Sir, I beg to move :

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret to note that the amount sanctioned for the rehabilitation of the displaced persons is quite inadequate and even that amount has not been properly used'.

*Mr. Speaker:* Amendment moved:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret to note that the amount sanctioned for the rehabilitation of the displaced persons is quite inadequate and even that amount has not been properly used'.

*Shri Makhdoom Mohiuddin:* Sir, I beg to move:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that no steps are contemplated to prevail upon the Government of India to take measures for—(*a*) disintegration of Hyderabad State on the linguistic basis, (*b*) reconstitution of the adjoining provinces on the basis of language and culture, (*c*) integration of the linguistic regions of Hyderabad State into corresponding reconstituted linguistic provinces; (*d*) integration of the Telugu speaking area immediately in the proposed Andhra State'.

*Mr. Speaker:* Amendment moved:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

"But regret that no steps are contemplated to prevail upon the Government of India to take measures for (*a*) disintegration of Hyderabad State on the linguistic basis, (*b*) reconstitution of the adjoining provinces on the basis of language and culture, (*c*) integration of the linguistic regions of Hyderabad State into corresponding reconstituted linguistic provinces; (*d*) integration of the Telugu speaking area immediately in the proposed Andhra State".

*Shri B. D. Deshmukh:* Sir, I beg to move:

"That at the end of the Motion the following be added, namely,

"But regret that though conditions of scarcity and famine exist over wide areas of the State adequate steps for famine relief are not taken'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

' But regret that though conditions of scarcity and famine exist over wide areas of the State adequate steps for famine relief are not taken'.

*Shri K. V. Rama Rao* : Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that no policy is laid down to declare a general political amnesty leading to release forth with all political prisoners whether convicted, under-trial or detenus and despite the obvious charges being ostensibly other than political, and to cancel all warrants on politicals which will create a free and democratic atmosphere in which all political parties and groups can work legitimately'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

'That the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that no policy is laid down to declare a general amnesty leading to release forthwith all political prisoners whether convicted, under-trial or detenue and despite the obvious charges being ostensibly other than political, and to cancel all warrants on politicals which will create a free and democratic atmosphere in which all political parties and groups can work legitimately'.

*Shri K. Venkiah* : Sir, I beg to move :

"That at the end of the Motion the following be added namely,

'But regret that the present system of compulsory levy collection is not all together abandoned and a proper system of procurement of grains from the landlords on graded basis is not evolved while no steps are contemplated to arrest the increase of prices consequent on derationing and a stopping of food subsidy by the Government of India'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added namely,

'But regret that the present system of compulsory levy collection is not all together abandoned and a proper system of procurement of grains from the landlords on graded basis is not evolved, while no steps are contemplated to arrest the increase of prices consequent on derationing and stopping of food subsidy by the Government of India'.

*Shri K. L. Narsimha Rao*: Sir, I beg to move:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that adequate funds are not being contemplated to be provided for the welfare of Scheduled classes and tribes nor any adequate schemes are being worked in this respect'.

*Mr. Speaker*: Amendment moved:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that adequate funds are not being contemplated to be provided for the welfare of scheduled classes and tribes nor any adequate schemes are being worked in this respect'.

*Shri V. D. Deshpande*: Sir, I beg to move:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the work of relief and rehabilitation to those affected before and after Police Action is halting and inadequate and no proper steps are being taken to restore their properties'.

*Mr. Speaker*: Amendment moved:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the work of relief and rehabilitation to those affected before and after Police Action is halting and inadequate and no proper steps are being taken to restore their properties'.

*Shri M. Buchiah*: Sir, I beg to move:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that nothing has been mentioned about the 'Tree to the Tapper Scheme' which the Government failed to implement during last year and assured to be implemented this year'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that nothing has been mentioned about the 'Tree to the Tapper Scheme' which the Government has failed to implement during last year, and assured to be implemented this year'.

*Shri K. Ananth Reddy* : Sir, I beg to move :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the Government has not contemplated and laid down a clear-cut policy to have an effective control and check the vast prevailing maladministration and corruption in the industries in which the Government has a major share'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the Government has not contemplated and laid down a clear cut policy to have an effective control and check the vast prevailing maladministration and corruption in the industries in which the Government has a major share'.

*Shri Rajmallu* : Sir, I beg to move.

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the land policy of the Government is half-hearted which does not meet the expectations of the tillers of the soil'.

*Mr. Speaker* : Amendment moved :

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret that the land policy of the Government is half-hearted which does not meet the expectations of the tillers of the soil'.

*Shri G. Sreeramulu*: Sir, I beg to move:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret to note that the Government have miserably failed to minimise if not root out, the growing corruption malpractices and stagnation in public services, to protect all the tenants from deteriorating condition and adverse effects resulting out of Tenancy Act due to corrupt means adopted by the feudal classes and to satisfy the people in any sector of administration.'

*Mr. Speaker*: Amendment moved:

" That at the end of the Motion the following be added, namely,

'But regret to note that the Government have miserably failed to minimise if not root out the growing corruption malpractices and stagnation in public services, to protect all the tenants from deteriorating condition and adverse effects resulting out of Tenancy Act due to corrupt means adopted by the feudal classes and to satisfy the people in any sector of administration.' "

Now, most of the amendments have been moved except a few. Will it be possible to finish the discussion before 7.00 P.M. today ?

*Shri V. D. Deshpande*: I do not think we can finish the discussion today. We have to continue it tomorrow also. According to the schedule, we have 2 days' discussion. But due to certain unfortunate incident, we could not do it. So we can continue it till tomorrow and finish it tomorrow.

*Mr. Speaker*: I hope, we should be able to finish the discussion by 4.0 P.M. tomorrow. After all, all the amendments put together practically aim at one conclusion. Any how, we shall try to finish by tomorrow.

Now, we shall have a general discussion on all these amendments. There are about 27 amendments of which 2 or 3 have been dropped. I do not think every mover of the amend-

ment will have a chance to speak and so I do not call upon every mover to speak. Those who stand up and catch the eye of the Speaker will be allowed to speak.

**شری اننت ریڈی** (نالکنڈہ) - مسٹر اسپیکر سر - جو اڈریس ہمارے سامنے پیش کی ہے اس کے متعلق یہ کہا گیا اور بجا طور پر کہا گیا کہ یہ ایک اڈمنسٹریٹیو رپورٹ ہے - اس کے سوا یہ کچھ نہیں - حالانکہ راج پرمکھ کے اڈریس کے ذریعہ حکومت کی آئندہ پالیسیز اور ڈٹیلڈ پروگرام ہاؤس کے سامنے رکھا جاتا ہے - ہم اس میں یہ چیز نہیں پاتے - اس جانب کے ایک آنریبل ممبر نے کہا کہ یہ غلط ہے کہ یہ اڈریس صرف ایک رپورٹ ہے اڈمنسٹریشن پر ایک ریویو ہے بلکہ اس میں کچھ پالیسیز اور وہ بھی ترقی یافتہ شکل میں پیش کی گئی ہیں - میں نہیں سمجھتا کہ اس میں کوئی ایسی پالیسی پیش کی گئی ہے جس سے یہ اندازہ لگا یا جاسکے کہ بجا طور پر حکومت کا قدم آگے کی طرف بڑھ رہا ہے - آنریبل ممبر نظام آباد نے اس چیز کو پیش کیا کہ حکومت دراصل اس اڈریس میں ایک کلیر کٹ ( Clear cut ) اور ترقی پذیر پالیسی پیش کررہی ہے - میں سمجھتا ہوں یہ ان کی دل کی آواز نہیں ہے - اور یہ کہتے ہوئے شائد وہ اپنا فرض پورا کررہے تھے یہ صرف ان کی زبان کی آواز تھی - کیونکہ میں ان سے روزمرہ کی ملاقات سے ان کے دلی جذبات سے واقف ہوں اور میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ اپنا ڈفنڈ کرنے کا فرض پورا کررہے تھے - حیدرآباد کے عوام یہ محسوس کر رہے تھے کہ اس ایک سالہ تجربہ کی بناء پر سیاسی زندگی اور معاشی ڈھانچے میں کوئی بنیادی تبدیلی ہوگی - لیکن کچھ نہیں ہوا - ہمارے پاس کچھ ایسے مسائل تھے جنہیں آسانی سے حل کیاجا سکتا تھا - جو کانسٹی ٹیوشن کے بندھنوں میں نہیں آتے - جب ہم کوئی مطالبہ کرتے ہیں تو ٹریزری بنچز کی جانب سے ہر مرتبہ یہی کہا جاتا ہے کہ اس مطالبہ کو پورا کرنے میں کانسٹی ٹیوشن مانع ہے یا یہ قانونی پابندیاں ہیں - لیکن ایسے بہت سے مسائل ہیں جن میں کانسٹی ٹیوشن کی کوئی رکاوٹ نہیں - مثال کے طور پر میں کہوں گا کہ بیروزگاری کو دور کرنے کا مسئلہ ہے - انسداد گداگری کا مسئلہ ہے - ان مسائل کے حل کرنے میں افکٹیو میژرس ( Effective Measures ) اختیار کئے جاسکتے ہیں - تنخواہوں میں جو ڈسپیارٹی ( Disparity ) ہے اس کو ٹیکل کرنا ہے - آرگنائیزڈ مزدوروں کو مینجمنٹ میں مساوی حصہ دینے کا سوال ہے ان مسائل کے حل کے لئے ہم کو پراگریسیو اسٹپ ( Progressive step ) لینا چاہئے - یہ ایسی چیزیں ہیں جن کے حل میں کانسٹی ٹیوشن آڑے نہیں آتا - حکومت انہیں حل کرسکتی ہے - یہ چیزیں اسمبلی کے پرویو ( Purview ) میں ہیں - لیکن انہیں ٹیکل نہیں کیا جاتا ہم اس اڈریس میں کوئی چیز نہیں پاتے جس کے لحاظ سے یہ کہا جاسکے کہ ہمارا قدم آگے کی طرف بڑھ رہا ہے - اڈریس پڑھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہم اسی نظام شاہی دور میں ہیں جو آج سے دس سال پہلے تھے - میرے کہنے کا یہ مطلب ہے کہ عوام جس چیز کی توقع

کر رہے تھے حکومت نے اس ایک سالہ مدت میں کچھ نہیں کیا ۔ ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ ہم عوام کا کوآپریشن ( Co-operation ) چاہتے ہیں ۔ عوام کے سامنے فائیو ائر پلان ( Five Year Plan ) کا محض ایک خوشنما تصویر رکھدینے سے کوآپریشن حاصل نہیں ہوتا ۔ بلکہ ایسی فضا پیدا کی جانی چاہئے تھی عوام میں ایک ایسا جذبہ پیدا کیا جانا چاہئے تھا جس سے عوام یہ محسوس کرتے کہ انہیں حکومت کے ساتھ کوآپریشن کرنا لازمی ہے ۔ حکومت نے جو فائیو ایر پلان پیش کیا ہے وہ ایسے اکنامک بیک گراؤنڈ ( Economic background ) میں پیش ہوا ہے جس سے اس کے کامیاب ہونے کی توقع نہیں ہے ۔ اس کے لئے اس فضا کو بدلنے کی ضرورت ہے جو نظام شاہی دور سے ورثہ میں ملی ہے۔ ان حالات میں یہ کیسے توقع کی جاسکتی ہے کہ عوام اسی جوش و خروش سے اس کا سواگت کریں گے جس کی آپ توقع کر رہے ہیں ۔ ان حالات میں آپ عوام کے کوآپریشن کی کیسے توقع کر سکتے ہیں ۔ کوآپریشن کے لئے پہلے فضا کو تبدیل کرنا ہے ۔ اور میں یہ کہنے کے لئے تیار ہوں کہ فضا کو بدلنے میں گورنمنٹ نے کوئی قدم نہیں اٹھایا ہے ۔

اب میں اڈ منسٹریشن کی طرف آنریبل ممبرس کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ میں یہ کہوں گا کہ ہمارے حیدرآباد کا اڈمنسٹریشن بالکل گری ہوئی حالت میں ہے اور روز بروز گرتا ہی جارہا ہے ۔ مال اڈمنسٹریشن نپوٹیزم ( Nepotism ) کرپشن ( Corruption ) یہ چیزیں روزمرہ ہمارے سامنے آتی رہیں ۔ اور میں یہ بجا طور پر کہہ سکتا ہوں کہ اس خرابی کے ذمہ دار ایک سیاسی ادارہ کے کارکن ہیں یہ وہ سیاسی ادارہ ہے جو آج حکومت پر حاوی ہے ۔ میں بلا شک و شبہ کہہ سکتا ہوں کہ آج اضلاع میں کلکٹر حکومت نہیں کرتے بلکہ وہاں کی کانگریس کے پردھان و کاریہ کرتا حکومت کرتے ہیں ۔ ان کے اشاروں پر حکومت چلتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ کلکٹروں اور دوسرے عہدہ داروں کے تبادلے انکے اشارہ پر ہوتے ہیں ۔ اگر کوئی عہدہ دار وہاں کے کانگریس کے کاریہ کرتاؤں کی نہ مانے تو وہ وہاں ٹک نہیں سکتا ۔ پھر آپ کیسے سمجھ سکتے ہیں کہ وہاں کا اڈمنسٹریشن ایفیشنٹ رہ سکتا ہے اور لوگوں میں بھروسہ پیدا کیا جاسکتا ہے ۔

دوسری چیز میں جسکی جانب ہاؤز کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ ہمارے کسانوں کا روزمرہ کا مسئلہ ہے ۔ افسوس ہے کہ وہ بھی اسیطرح ہے جیسا پہلے تھا ۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ہمارے پاس حکومت کے جو مختلف محکمہ جات ہیں ان میں کوآرڈینیشن ( Co-ordination ) نہیں ہے ۔ میں نظام آباد کی انسٹنسس ( Instances ) دیکر یہ واضح کرونگا کہ کسطرح حکومت کے مختلف محکمہ جات میں کوآرڈینیشن نہیں ہے ۔ وہاں تالاب ٹوٹ گئے ہیں ۔ وہاں کے تالابوں کے مات مسدود ہوگئے ہیں جو

چار پانچ ہزار کے صرفہ سے درست ہوسکتے ہیں ۔ آپ کو یہ معلوم کر کے تعجب ہوگا کہ نظام ساگر کی وجہ سے بعض لوگ نظام آباد کو جنت سمجھتے ہیں ۔ لیکن کچھ حصے ایسے ہیں جو نظام ساگر سے مستفید نہیں ہوتے ۔ وہاں دوتین سال سے محض قحط کے حالات نمایاں ہیں کیونکہ تالاب ٹوٹ گئے ہیں اور پانی نہیں ہے ۔ مال کے عہدہ دار کہتے ہیں کہ ۳-۴ ہزار سے ماگ اور ۱۰-۱۲ ہزار سے تالاب تعمیر کئے جا سکتے ہیں ۔ وہ محکمہ آبپاشی کو بڑی اچھی اور لمبی چوڑی سفارش کرتے ہیں ۔ لیکن یہاں آکر یہ کارروائی پڑی رہتی ہے ۔ یہی نہیں بلکہ لوگ آدھی رقم صرف کرنے اور کام کرنے کیلئے بھی تیار ہیں کہا یہ جاتا ہے کہ بڑا اچھا ایڈیا ( Idea ) ہے ۔ جب وہ کام کرنے اور نصف رقم لگانے کیلئے تیار ہیں تو بھی پانچ چھ مہینے گزر جاتے ہیں اور اسکے بعد بھی کچھ نہیں ہوپاتا ۔ لہذا جو مشکلات پہلے تھیں وہ اب بھی ویسی ہی باقی ہیں ۔ اسلئے ضرورت اس امر کی ہے کہ جو مسائل ہیں وہ صحیح طور پر حل کئے جائیں ۔ جب منسٹر صاحب وہاں آتے ہیں تو وہ یم ایل اے سے ملنے کی تکلیف گوارہ نہیں فرماتے تاکہ انکو وہاں کی مقامی حالات سے آگاہ کیا جاسکے ۔ جب وہ ان سے بات چیت کرنا اور حالات سے واقف ہونا ہی پسند نہیں کرتے تو پھر کیسے امید کیجاسکتی ہے کہ حالات بہتر ہونگے ۔ اسلئے یہ چیز بڑی اہمیت کی حامل ہے کہ جو کوآرڈینیشن ( Co-ordination ) ہونا چاہئے وہ ہمارے پاس نہیں ہے ۔ آنریبل منسٹر فار پی ڈبلیو ڈی نے یہ کوشش کی تھی کہ ایم ایل ایز کی ایک میٹنگ بلا کر ان کے تعلق سے وہاں کے مسائل حل کریں ۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ کابینہ کی ایک میٹنگ بلائی جائے اور محکمہ جات کے ایسے سوالوں پر غور کیا جائے جو پراکٹیکیبل ( Practicable ) ہیں تب ہی ایک انڈراسٹانڈنگ پیدا ہوسکتی اور مشکلات کے حل کرنے کیلئے ایفکٹیولی سوچا جاسکتا ہے ۔

میرا امنڈمنٹ انڈسٹریز میں کرپشن اور مال اڈمنسٹریشن (Mal Administ- ration ) کے بارے میں ہے ۔ شائد میں نہیں بھول رہا ہوں تو آنریبل ممبر فرام ضور نگر نے اعظم جاہی ملز اور ہٹی گولڈ مائنس کا حوالہ دیتے ہوئے انڈسٹریز میں جو کرپشن ہے اسکی کافی وضاحت کی ہے ۔ مال اڈمنسٹریشن اور کرپشن کی ایک اور مثال میں نظام شوگر فیکٹری کے سلسلہ میں پیش کرنا چاہتا ہوں ۔ گذشتہ دفعہ بھی جبکہ نوکانفیڈنس موشن کے بارے میں بحث ہورہی تھی نظام شوگر فیکٹری کا حوالہ دیا گیا اور بحث کیگئی تھی ۔ یہ ایک بہت بڑی فیکٹری ہے اور حال ہی میں وہاں ایک نئی فیکٹری کا اضافہ کیا گیا ہے جس سے کہا جاتا ہے کہ پروڈکشن میں اضافہ ہوا ۔ لیکن میں یہ بتلانے کی کوشش کرونگا کہ کیا واقعی اس سے پروڈکشن میں اضافہ ہوا ۔ حالات بہتر ہوگئے اور مزدوروں کی تنخواہوں میں اضافہ ہوگیا ؟ نہیں ۔ بلکہ ایک طرف پروڈکشن میں اضافہ ہورہا ہے اور دوسری طرف ٹرانسپورٹیشن چارجس (Transportation charges) لوگوں کو ادا کرنے پڑرہے ہیں ۔ گنے کی قیمت کم کردی گئی ہے حالانکہ پچھلے زمانہ

